Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت   ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14   جمعرات، 19 اکتوبر 2023ء، 3 ربیع الثانی 1445ھ، قیمت 20 روپے   شمارہ 170

آئیسکو اور پی ایس او کے درمیان فیول کارڈ کا معاہدہ

اس سے پہلے آئیسکو کی گاڑیوں کیلئے چند پٹرول پمپ مختص تھے جہاں آنے جانے میں وقت کے ضیائع اور پٹرول، ڈیزل پر اضافی خرچہ ہوتا تھا، چیئر مین آئیسکو قمر الاسلام راجہ

چیئرمین آئیسکو کی ذاتی کاوشوں کے نتیجے میں ہم اس معاہدے پر پہنچے ہیں جس کے باعث آئیسکو میں POL کی مد میں مزید شفافیت آئے گی اور ایندھن کے اخراجات میں مزید کمی ہوگی

نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ بیجنگ میں تقریب میں شریک ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کارپوریٹ گورننس کی جانب بڑھتے ہوئے آئیسکو کا پی ایس او کے ساتھ مینول پی او ایل (POL) سے فلیٹ اور کارپوریٹ کارڈز پر منتقل ہونے کے معاہدے پر دستخط کی تقریب آئیسکو ہیڈ آفس میں ہوئی جس میں چیئرمین آئیسکو انجینئر قمر الاسلام راجہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان، آئیسکو کی سینئر مینجمنٹ اور پی ایس او کی نمائندگی (بقیہ نمبر 30)

نواز شریف عدالت کے سامنے سرنڈر کرنا چاہتے، اسلام آباد ہائیکورٹ

اگر کوئی اشتہاری سرنڈر کرنے کے لیے عدالت آنا چاہتا ہے تو انہیں کوئی اعتراض نہیں، نیب پراسیکیوٹر

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے العزیزیہ اسٹیل ملز اور ایون فیلڈ ریفرنس میں سزا یافتہ اشتہاری سابق وزیراعظم نواز شریف کی عدالت کے سامنے سرنڈر کرنے کے لیے حفاظتی ضمانت کی درخواستوں پر قومی احتساب بیورو (نیب) کو نوٹس جاری کر کے (آج) جمعرات کو دلائل طلب کر لیے۔ نواز شریف کی حفاظتی ضمانت کی درخواست عطا اللہ تارڑ نے بطور اسپیشل اٹارنی اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر (بقیہ نمبر 31)

پاکستان کا ابابیل ویپن سسٹم کا کامیاب تجربہ

تجربے کا مقصد مختلف ڈیزائن، تکنیکی پیرامیٹرز اور ہتھیاروں کے مختلف نظاموں کی کارکردگی کا جائزہ لینا تھا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان نے ابابیل ویپن سسٹم کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق میزائل سسٹم کا مقصد خطے میں اسٹریٹیجک استحکام کو بڑھانا ہے۔ آئی ایس (بقیہ نمبر 34)

سی ٹی ڈی کی کارروائیاں داعش کے اہم کمانڈر سمیت 9 دہشت گرد گرفتار

دہشت گردوں کے قبضے سے بارودی مواد، ڈیٹونیٹرز، پرائما کارڈ، موبائل فون، اسلحہ اور نقدی برآمد

لاہور (این این آئی) دہشت گردی کے خدشات کے پیش نظر کاؤنٹر ٹیررزم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے پنجاب کے مختلف شہروں میں 157 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 9 دہشت گردوں گرفتار کرلیے ۔(بقیہ نمبر 33)

پرامن انتقال اقتدار ہماری اولین ترجیح ہے مرتضیٰ سولنگی

نگران حکومت کا بنیادی مینڈیٹ انتخابات کے لئے سازگار ماحول فراہم کرنا اور انتخابی عمل کی نگرانی کرنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مرتضی سولنگی سے مسلم لیگ (ن) کے رہنما مصدق ملک اور پیپلز پارٹی کے رہنما سید اخونزادہ چٹان نے بدھ کو یہاں الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں (بقیہ نمبر 32)

پاکستان کا اسرائیلی جنگی جرائم پر اظہار مذمت، ہسپتال پر حملہ غیر انسانی فعل ہے صدر، وزیراعظم

اسرائیل جنگی جرائم کا مرتکب

غزہ میں ہسپتال پر اسرائیل کے وحشیانہ حملے میں معصوم شہریوں کا قتل عام غیر انسانی اور ناقابل دفاع ہے، حملہ بین الاقوامی قانون اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے، اسرائیل کو اس کے جنگی جرائم کے لیے جوابدہ ہونا چاہیے، انوارالحق کاکڑ

عالمی برادری اسرائیل کو جنگی جرائم پر جوابدہ ٹھہرائے اسرائیلی بمباری اور غزہ کے جاری محاصرے کو پر روکنے کے لیے فوری اقدامات کئے جائیں`صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی

نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے کہا ہے کہ غزہ کیالاالہلی المعمدنی ہسپتال پر اسرائیل کے وحشیانہ حملے میں معصوم شہریوں کا قتل عام غیر انسانی اور ناقابل دفاع ہے، یہ بین الاقوامی قانون اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ اپنے ٹوئٹ میں (بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد (این این آئی) صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے غزہ میں ہسپتال پر وحشیانہ اسرائیلی فضائی حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل شہری (بقیہ نمبر 46)

آئیسکو اور پی ایس او کے درمیان فیول کارڈ کے معاہدے کے موقع پر چیئرمین آئیسکو انجینئر قمر الاسلام راجہ اور چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر محمد امجد خان پی ایس او کے جوار شاد کو یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

استحکام پاکستان پارٹی نے دیگر رہنماؤں کی شمولیت کیلئے کمیٹی بنا دی

وفاق میں پی ٹی آئی رہنماؤں سے رابطے کیلئے فردوس عاشق، عون چوہدری کو ٹاسک سونپا گیا

پنجاب سے پی ٹی آئی رہنماؤں کی آئی پی پی میں شمولیت کے لیے نعمان لنگڑیال کو ٹاسک دیا گیا

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی نے سیاسی رہنماؤں سے رابطے تیز کردیئے اور اس تناظر میں پنجاب سے سیاسی رہنماؤں کی پارٹی میں شمولیت کیلئے (بقیہ نمبر 35)

اسرائیل کو نسل پرست ریاست بولیں، فاطمہ بھٹو کا ملالہ سے مطالبہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی سماجی رہنما اور لکھاری فاطمہ بھٹو نے نوبل امن انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اسرائیل کو نسل پرست ریاست کہیں۔ فاطمہ بھٹو نے ملالہ یوسف زئی کی اسرائیل (بقیہ نمبر 36)

آئیسکو کے تمام آپریشن سرکلز میں ہونیوالی کھلی کچہریوں کا شیڈول جاری

آئیسکو ریجن کے صارفین بجلی سے متعلقہ مسائل کے حل / تجاویز کے اندراج کے لئے ان کھلی کچہریوں میں بھرپور شرکت کریں

کھلی کچہریاں صارفین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا بہترین فورم ہے، چیف ایگزیکٹو آئیسکو، ڈاکٹر محمد امجد خان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) صارفین بجلی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں بہترین سروسز کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جارہا ہے، اسی جذبے اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے آئیسکو نے تمام آپریشن سرکلز میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد سرکل (بمقام G - 7 سب ڈویژن آئیسکو، اسلام آباد)(بقیہ نمبر 37)

نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ چینی وزیراعظم سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان میں سبز صنعت کاری پر دو روزہ کانفرنس کا اسلام آباد میں اختتام

مقررین کا ماحولیاتی ذمہ دار اور لچکدار صنعتی مستقبل کے ویژن سے متعلق آرا کا اظہار

تقریب نے گرین انڈسٹریلائزیشن ڈویلپمنٹ کلیکٹو (GIDC) کا آغاز کیا، جو ایک مضبوط فورم ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) UNCTAD اور سوشل پروٹیکشن ریسورس سینٹر کی میزبانی میں پاکستان میں سبز صنعت کاری پر دو روزہ کانفرنس 18-17 اکتوبر کو سرینا ہوٹل اسلام آباد میں ہوئی۔ کانفرنس کے موقع پر پاکستان کے ٹاپ لیڈرشپ، صنعت کے اہم شخصیات اور دیگر کو اسٹیک ہولڈرز کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا جنہوں نے ایک زیادہ ماحولیاتی ذمہ دار اور لچکدار (بقیہ نمبر 51)

فواد چوہدری کی توہین الیکشن کمیشن انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت

ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن کو حتمی فیصلہ کرنے سے روک دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے فواد چوہدری کی توہین الیکشن کمیشن انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت کے دوران الیکشن کمیشن کو حتمی فیصلہ (بقیہ نمبر 38)

چین کی ریلوے کمپنی کراچی لوکل ٹرین سسٹم بنائے گی

کے سی آر پروجیکٹ کی ساورن گارنٹی کا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا، نگران وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ سندھ مقبول باقر کا کہنا ہے کہ چین کی ریلوے کمپنی کراچی لوکل ٹرین سسٹم بنائے گی۔ نگران وزیراعلیٰ سندھ مقبول باقر سے چائنا ریلوے کنسٹرکشن کمپنی کے صدر اور نائب صدر نے ملاقات کی جس میں (بقیہ نمبر 40)

حنیف عباسی کی نواز شریف سے وفاداری بھلائی نہیں جاسکتی، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ عدالت نے حنیف عباسی کو بری کر کے ان کی بے گناہی کا اعتراف کیا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ناانصافی پر مبنی مقدمے پر سزائے موت کی سزا سنانے پر کارکنوں میں شدید اشتعال تھا لیکن حنیف عباسی نے کارکنوں کو انتہائی (بقیہ نمبر 39)

نواز شریف نے 5 ارب ڈالر کی امریکی پیشکش ٹھکرا دی تھی، رانا ثنا اللہ

21 اکتوبر کو نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کو واپس 2017 والے ٹریک پر لے کر جائیں گے

ملتان (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ عالمی دباؤ مسترد کرتے ہوئے نواز شریف نے ملک کو ایٹمی قوت بنایا، (بقیہ نمبر 52)

ترک فضائیہ کے کمانڈر کا ایئر ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

ترک فضائیہ کے کمانڈر جنرل ضیاء کمال کادیواوغلو نے سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی

معززین نے پاک فضائیہ کی جانب سے منعقد کی گئی فضائی مشق انڈس شیلڈ 2023، جس میں دنیا بھر سے معززین شرکت کررہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ترک فضائیہ کے کمانڈر جنرل ضیاء کمال کادیواوغلو کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے آج سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، سے انکے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بین الاقوامی تزویراتی صورتحال، حالیہ مشترکہ منصوبوں میں ہونے والی پیشرفت اور ہوا بازی کی صنعت میں تعاون کے لیئے نئی راہیں استوار کرنے سے متعلق مختلف امور کا احاطہ کیا گیا۔ معززین نے پاک فضائیہ کی جانب سے منعقد کی گئی فضائی مشق انڈس شیلڈ 2023، جس میں دنیا بھر سے (بقیہ نمبر 47)

ترک فضائیہ کے کمانڈر جنرل ضیاء کمال کادیواوغلو کو گارڈ آف آنر پیش کیا جارہا ہے

ترک فضائیہ کے کمانڈر جنرل ضیاء کمال کادیواوغلو، سربراہ پاک فضائیہ ،ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کرر ہے ہیں

دنیا بھر میں شرح اموات کی پہلی سب سے بڑی وجہ امراض قلب ہے، ڈاکٹر ریحان عمر

کراچی (این این آئی) نیشنل میڈیکل سینٹر یونائیٹڈ اسپتال کراچی کے کنسلٹنٹ کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر ریحان عمر نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں شرح اموات کی پہلی سب سے بڑی وجہ امراض قلب ہے۔ 2019 تا 2022ء اموات کی کل شرح 3 ملین تھیں اور ان تین ملین اموات کی وجہ سے پوری دنیا (بقیہ نمبر 54)

آٹھویں فتویٰ کانفرنس مصر میں شروع

فتویٰ کے اجراء کے معاملے پر بنیادی اصولوں پر لازمی طور پر قائم رہنا چاہیے، انیق احمد

قاہرہ (این این آئی) آٹھویں فتویٰ کانفرنس بدھ کو قاہرہ میں شروع ہوگئی، کانفرنس کا موضوع ''فتویٰ اور تیسرے ہزاریے کے چیلنجز'' ہے، کانفرنس میں 100 سے زائد ممالک سے علماء کرام کی شرکت کر رہے ہیں۔ کانفرنس کے منتظمین کے مطابق یہ (بقیہ نمبر 53)

ایفی ڈرین کیس 25 سال قید کی سزا کالعدم، حنیف عباسی بری

جھوٹے مقدمے میں سرخرو ہونے پر اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں، شیخ رشید کے ساتھ مقابلہ الیکشن میں ہوگا' حنیف عباسی

حنیف عباسی من گھڑت، بے بنیاد مقدمے میں بری ہوئے، آخر کار سچ سامنے آ کر ہی رہتا ہے' شہباز شریف

لاہور (ان این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ایفی ڈرین کیس میں مسلم لیگ (ن) کے رہنما حنیف عباسی کی سزا کالعدم قرار دے دی۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے ن لیگی رہنما حنیف عباسی کی 25 سال قید کی سزا کے خلاف دائر اپیل پر محفوظ فیصلہ سنایا۔ دوران سماعت حنیف عباسی عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ اے این ایف کے وکیل نے موقف اختیار کیا (بقیہ نمبر 41)

ہسپتال پر حملہ بین الاقوامی انسانی قانون کی خلاف ورزی ہے

اسرائیل کا گھناؤنا حملہ بین الاقوامی انسانی قانون کی خلاف ورزی ہے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی نے غزہ کے الاہلی باپسٹ ہسپتال پر اسرائیلی حملے پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بات بہت واضح ہے کہ اسرائیل کی طرف سے غزہ میں ہسپتال پر گھناؤنا حملہ اپنے دفاع کا عمل نہیں (بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی تھانہ وومین کی ایس ایچ او ارم خانم خود ہی چور نکلی

تھانے آنے والی درخواست گزار اریشہ خالد کے والٹ سے مبلغ 26000 روپے نکال لئے

چوری پکڑے جانے پر متعلقہ محرر انیتا نسیم کو بھی معطل کروا دیا

راولپنڈی (احمد ضمیر سے) تھانہ وومین کی ایس ایچ او ارم خانم نے تھانے آنے والی درخواست گزار خاتون کے پرس سے 26000 روپے نکال لیے درخواست گزار تھانہ میں دادرسی کے لئے گئی اور ایس ایچ او ارم خانم سے ملی اور اپنا والٹ وہی بھول آئی جب دوبارہ ایس ایچ او صاحبہ کے کمرے میں اپنا والٹ لینے گئی تو دیکھا والٹ سے 26000 روپے غائب تھے سی سی ٹی وی کیمرا میں دیکھا گیا تو پتہ چلا ایس ایچ او ارم خانم والٹ اٹھا کر باہر گئی اور پیسے نکال کر والٹ کو نیلے رنگ کی کرسی کے نیچے پھینک دیا اور مکر گئی کہ پیسے میں نے نہیں نکالے جبکہ یہ سب تھانے میں موجود سٹاف اور محرر نے خود تھانے میں لگے کیمروں میں دیکھا اور جب متعلقہ محرر نے ایس ایچ او ارم خانم کو پیسے واپس کرنے کو کہا تو وہ غصہ ہوگئی اور محرر انیتا نسیم کو معطل اور ڈسمس فرام سروس کروانے کی دھمکی بھی دے ڈالی اور ایس ایچ او ارم خان کا کہنا تھا میرے اعلی افسران کے ساتھ بہتر تعلق ہیں اور میں انہیں پرفیوم گفٹ کرتی رہتی ہوں اس لئے میرا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا اب جیسا ایس ایچ او صاحبہ ارم خان نے فرمایا تھا ویسا ہی ہوا اور محرر انیتا نسیم کو معطل کر دیا گیا سوال یہ پیدا ہوتا ہے اگر اس طرح کے ایس ایچ اوز کو تھانوں میں تعینات کیا جائے گا تو مجرم کون پکڑے گا یہاں تو عوام پولیس کے ہاتھوں محفوظ نہیں اس حوالے سے آئی جی پنجاب، سی پی او راولپنڈی اور ایس ایس پی آپریشن کو سوچنا ہوگا کہ عوام کی حفاظت کے لئے تعینات ایس ایچ او اگر یہ کام کریں گی اور اپنا گناہ چھپانے کے لئے اپنے ماتحت افسران اور اہلکاروں کو معطل کروائے گی تو اس طرح فرنٹ لائن پر لڑنے والے ایماندار افسران اور اہکاران کا نا صرف مورال کم ہوگا بلکہ عوام کا پولیس سے اعتماد بھی ختم ہو جائے گا۔ اس حوالے سے اگر متعلقہ ایس ایچ او ارم خانم یا راولپنڈی پولیس کے سپوک پرسن اگر کوئی موقف دینا چاہیں تو ہمارا ادارہ ان کے لئے حاضر ہے۔

شاہراہ فیصل پر سانحہ کارساز کی برسی پر سابق ممبر صوبائی اسمبلی شازیہ کریم دعا پڑھ رہی ہیں

شیل پاکستان نے سنہ 2023ء کی تیسری سہ ماہی کے لیے مالی نتائج کا اعلان کردیا

کراچی (این این آئی) شیل پاکستان لمٹیڈ (SPL) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 18 اکتوبر 2023ء کو ختم ہونے والے نو ماہ کے لیے کمپنی کے مالی نتائج کا اعلان کردیا ہے۔ اس اعلان کے مطابق کمپنی نے 30 ستمبر 2023ء کو ختم ہونے والے نو ماہ (بقیہ نمبر 42)

466 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 6 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) اے این ایف کی جانب سے منشیات اسمگلنگ کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے ، 4 مختلف کاروائیوں کے دوران 466 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 6 ملزمان (بقیہ نمبر 43)

9 مئی واقعات، خدیجہ شاہ سمیت 6 ملزمان کی ضمانتیں منظور

ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت 22 ملزمان کے مقدمے کا ریکارڈ طلب کرلیا گیا

لاہور (این این آئی) عدالت نے 9 مئی واقعات میں خدیجہ شاہ سمیت 6 ملزمان کی ضمانتیں منظور کرلیں جبکہ ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت 22 ملزمان کے مقدمے (بقیہ نمبر 44)

غیر قانونی غیر ملکی افراد
کے لیے مہلت
دن باقی
12
@GovtofPakistan

نواز شریف کی وطن واپسی پر جلسہ گاہ پہنچنے کا پلان مرتب

ایئرپورٹ سے مینار پاکستان تک ہیلی کاپٹر کے ذریعے پہنچنے کا پلان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی 21 اکتوبر کو وطن واپسی پر جلسہ گاہ پہنچنے کا پلان مرتب کر لیا گیا۔ پارٹی ذرائع کے مطابق نواز شریف کے ایئرپورٹ سے مینار پاکستان تک ہیلی کاپٹر کے ذریعے پہنچنے کا پلان مرتب کیا گیا ہے، سابق وزیر اعظم کا ہیلی کاپٹر اتارنے کے لیے بھی پلان بن گیا ہے۔ ذرائع کا (بقیہ نمبر 56)

چیئرمین پی ٹی آئی کی بیٹوں سے ٹیلیفونک گفتگو کرانے کا حکم

اسلام آباد (پینانیوز) آفیشل سیکرٹ ایکٹ عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کی بیٹوں سے ٹیلی فونک گفتگو کرانے کا حکم دے دیا۔ سابق وزیراعظم اور پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان (بقیہ نمبر 57)

گیس کے غیر قانونی کنکشنوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

گیس چوری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 145 گیس کنکشن منقطع کر دیئے گئے

275 انڈر بلنگ کیسز پروسیسڈ کئے گئے اور 40 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کئے گئے

غیر قانونی گیس کنکشن کے خلاف کی گئی کارروائی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 145 گیس کنکشن منقطع کردیئے گئے، 275 انڈر بلنگ کیسز پروسیسڈ کیے گئے۔ گیس چوری میں ملوث صارفین پر 40 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 12 گھریلو کنکشن، کمرشل کے استعمال پر 5 کنکشن منقطع جبکہ 49 انڈر بلنگ کیسز میں 0.46 ملین کا جرمانہ بھی عائد کیے (بقیہ نمبر 45)

اکتوبر میں ہونے والی بارشوں نے 30 سالہ ریکارڈ توڑ دیا

30 سال قبل اکتوبر 1990 میں 120 ملی میٹر بارش ہوئی' ماہرین

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات کے مطابق اکتوبر میں ہونے والی بارشوں نے 30 سالہ ریکارڈ توڑ دیا۔ چیف میٹرولوجسٹ محمد اسلم کے مطابق سال اکتوبر میں موسلادھار بارشیں تیس سال قبل اکتوبر میں برسیں تھیں۔ اکتوبر کا مہینہ خشک ہوتا ہے تاہم اس ماہ معمول سے زائد بارشیں برسیں ہیں۔ ماہرین (بقیہ نمبر 49)

مودی کے بھارت میں بھوک اور افلاس کے ڈیرے

بھوک کی عالمی فہرست میں ایک سو پچیس ممالک میں ایک سو گیارہویں نمبر

اسلام آباد (این این آئی) مودی کے بھارت میں بھوک اور افلاس کے ڈیرے، گلوبل ہنگر انڈیکس رپورٹ نے مودی کے بھارت میں بھوک اور افلاس کا بھانڈا پھوڑ دیا، ہندوستان کو بھوک کی عالمی فہرست میں 125 ممالک میں 111 ویں نمبر پر رکھا گیا۔

ڈالر کی انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں اونچی چھلانگ، پھر مہنگا ہوگیا

کراچی (پینانیوز) ڈالر کی انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں ایک بار پھر اونچی چھلانگ لگانے اور اچانک روپے کے مقابلے میں مہنگا ہوگیا۔ کاروباری ہفتے کے تیسرے دن کے آغاز میں انٹر بینک مارکیٹ میں ڈالر کی قدر 03 پیسے اضافے کے بعد 277 روپے ہوگئی، اوپن مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر میں اضافے کا رجحان شروع ہو گیا (بقیہ نمبر 59)

نواز شریف کی وطن واپسی کے حوالے سے مینار پاکستان پر فلیکس آویزاں کئے جا رہے ہیں

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUDJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

قیمتوں میں کمی، اصل حقائق

وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہونے کے ثمرات عوام تک پہنچانے کیلئے پرائس کنٹرول کا نظام سخت کرنے اور اشیائکی قیمتوں میں کمی لانے کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم نے تمام وزرائے اعلیٰ کو ہدایت کی کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ پاکستانی عوام کو منتقل کرنے کی طرف تمام تر توجہ مرکوز کی جائے اور سرکاری ادارے اشیائکی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ دوسری جانب 'نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے قیمتو ں میں کمی کیلئے 48 گھنٹے کی ڈیڈ لائن دے دی اور ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 10 فیصد تک کمی لانے کا ٹاسک دیا جبکہ وزارت پیٹرولیم نے صارفین پر گیس کی قیمتوں کا اضافی بوجھ ڈالنے کی تیاری مکمل کرلی ہے۔ گیس کی قیمتوں میں 200 فیصد تک اضافے کی سمری تیار کی گئی ہے، جس میں پروٹیکٹیڈ گیس صارفین کیلئے فکسڈ ماہانہ چارجز بڑھانے کی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق فکسڈ چارجز 10 روپے سے بڑھا کر 400 روپے کرنے جبکہ گھریلو صارفین کیلئے گیس 172 فیصد تک مہنگی کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

نگران حکومت کا غریب عوام کے ساتھ اس سے بڑا مذاق اور کیا ہوسکتا ہے کہ ایک طرف انہیں مطمئن کرنے کیلئے قیمتوں میں کمی کیلئے انتظامیہ کو 48 گھنٹے کی ڈیڈلائن دی جارہی ہے اور دوسری جانب سرکاری سطح پر گیس' پٹرولیم مصنوعات اور بجلی کے ہوشربا نرخ مزید بڑھانے کو معمول بنایا ہوا ہے جن کی قیمتیں بڑھنے سے ہی مہنگائی کے نئے طوفان آتے ہیں جو عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کرتے ہیں۔ جب تک ان تینوں اشیائکے بڑھتے نرخوں پر قابو نہیں پایا جاتا' حکومت جتنی مرضی ڈیڈلائن دے دے' عوام کو حقیقی ریلیف نہیں دے پائے گی۔ بے شک دوروز قبل حکومت نے پٹرولیم مصنوعات پر بڑا ریلیف دیا ہے مگر اسکی کسر گیس میں 200 فیصد تک اضافے کی سمری تیار کرکے پوری کی جا رہی ہے جس میں فکسڈ چارجز 10 روپے سے بڑھا کر 400 روپے کرنے جبکہ گھریلو صارفین کیلئے 172 فیصد تک مہنگی کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ مہنگائی سے عاجز آئے عوام کے ساتھ ایسا مذاق کسی طرح بھی مناسب نہیں۔ اگر حکومت عوام کے زخموں پر مرہم نہیں رکھ سکتی تو اسے انکے زخموں پر نمک پاشی سے بھی گریز کرنا چاہیے۔

انار کے صحت پر حیرت انگیز فوائد

ملتان (سی ایم لنکس) انار کو غذائی اور طبی خصوصیات کے باعث قدرت کا ایک انمول تحفہ تسلیم کیا جاتا ہے، اس پھل کو 'جنت کا پھل' بھی قرار دیا گیا ہے، انار کو تمام پھلوں میں شہنشاہ کی سی حیثیت حاصل ہے، انار میں بہت سے ایسے سود مند نباتات اور مرکبات پائے جاتے ہیں جو دوسرے عام پھلوں میں نہیں ملتے۔ طبی وغذائی ماہرین کے مطابق انار کا استعمال انسانی مجموعی صحت پر حیرت انگیز مثبت اثرات مرتب کرتا ہے اور مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے، ایک کپ انار کے دانوں (100 گرام) میں فائبر 4 گرام، پروٹین 17 گرام، وٹامن 17 فیصد، وٹامن B-6 پانچ فیصد، فولیٹ 16 فیصد، شوگر 14 گرام اور پوٹاشیم 236 ملی گرام جبکہ سوڈیم 3 ملی گرام پایا جاتا ہے۔ انار منرلز اور توانائی کا خزانہ ہے جس میں کیلشیم، پوٹاشیم، فاسفورس، آئرن، ہائیڈروکلورک ایسڈ، فائٹو کیمیکلز، اینٹی آکسیڈنٹس، پولی فینول، کم کیلوریز، وٹامن اے، بی، سی اور بائیو ایکٹو کمپاؤنڈز پائے جاتے ہیں۔ انار کے استعمال سے خوبصورتی پر آنے والے مثبت اثرات انار میں موجود وٹامن سی سورج کی شعاعوں کے مضر اثرات کو کم کرتا ہے، جلد پر جھریاں آنے سے بچاتا ہے، یہ جسم میں کولیجن کو محفوظ کرنے کی صلاحیت کو بڑھا دیتا ہے جس کے نتیجے میں رنگ قدرتی طور پر نکھرتا ہے۔ روزانہ 8 اونس انار کا جوس پینے سے جلد بے داغ، تروتازہ اور توانا ہوتی ہے، انار کے جوس میں الیجک (Ellagic) ایسڈ اور پیونی کلاجن (Punicalagin) موجود ہوتا ہے، یہ دونوں اجزاء جلد کو خراب ہونے ، نقصان پہنچانے والے ماحولیاتی عوامل، جلد کو لٹکنے، سیاہ دھبے اور خشکی سے جلد کو محفوظ رکھتے ہیں۔۔ مہاسوں اور بال گرنے میں کمی۔۔۔ انار میں پائے جانے والا پیونِک ایسڈ بالوں کی جڑوں کو مضبوط بناتا ہے، جس کی وجہ سے بالوں کے گرنے میں کمی واقع ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے اکثر لوگ انار سے حاصل کردہ تیل کو جلد اور بالوں کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ عالمی وبا کورونا وائرس سے بچاؤ کے لیے قوت مدافعت کا مضبوط ہونا لازمی ہے، اس وبا سے بچنے کے لیے وٹامن سی سے بھرپور پھلوں کا استعمال نہایت مفید ہے۔ ماہرین کے مطابق موسم سرما میں عام نزلہ، زکام، بخار اور وائرل کا ہونا عام سی بات ہے مگر آج کل عالمی وبا کورونا وائس کے پیش نظر اس وائرس اور تمام عام وائرل سے بچنے کے لیے وٹامن سی اور سیٹرلیس پھلوں کا استعمال کرنا مفید ہے جن میں انار، لیموں اور مالٹے شامل ہیں۔۔ وزن میں کمی کا باعث۔ 100 گرام انار میں 83 کیلوریز ہوتی ہیں، جس سے آپ کو دن بھر بیدار، چوکنا اور توانا رہنے کے لیے مدد ملتی ہے، ڈائٹنگ کرنے والے افراد کے لیے انار نہایت مفید ہے، اس میں بڑی مقدار میں فائبر موجود ہوتا ہے، جس سے آپ کو بھوک کم لگے گی اور آپ کا ہاضمہ بھی تیز ہوگا۔۔ قوت مدافعت مضبوط کرنے کیلئے کون سے پھل کھائیں؟ ۔۔۔ انار میں جذب ہونے والی چکنائی موجود نہیں ہوتی، جس کی وجہ سے یہ ڈائٹنگ کرنے والوں کے لیے بہترین غذا کا کام دیتا ہے۔ ماہرین کے مطابق روزانہ انار کا جوس پینے سے کمر کے اردگرد چربی کا خاتمہ ہوجاتا ہے، اس کے قدرتی اجزا موٹاپے کا باعث بننے والے خلیات کا خاتمہ کرکے چربی پگھلانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔۔ ذہنی تناؤ میں کمی۔۔۔ ذہنی تناؤ کو کم کرنے کے لیے بھی انار ایک بہترین ٹانک ہے، ماہرین کا کہنا ہے کہ انار میں سگترے اور سبز چائے سے تین گنا زیادہ اینٹی ا? کسیڈنٹس پائے جاتے ہیں، جو جسم کو کئی فاضل مادوں کے اثرات سے بچاتے ہیں۔ اس کے علاوہ انار میں ا? ئرن، پوٹاشیم اور میگنیز کی بڑی مقدار موجود ہوتی ہے، جس کی وجہ سے یہ انسانی صحت پر بہت اچھے اثرات مرتب کرتے ہیں۔ دورانِ حمل انار کا باقاعدگی سے استعمال انیمیا اور پٹھوں کے سخت ہوکر اکڑ جانے سے محفوظ رہتے ہیں۔۔ دل کے امراض سے بچائے۔۔۔ انار میں موجود فائٹو کیمیکلز کولیسٹرول اور بلڈ پریشر کم کرتے ہیں جبکہ روزانہ انار کا ایک اونس تازہ جوس پینے سے آپ کی کیروٹڈ آرٹری میں موجود رکاوٹیں دور ہوتی ہیں، یہ رکاوٹیں اسٹروک اور دل کی دیگر بیماریوں کا باعث بنتی ہیں۔۔۔ آپ کی غذا میں اچھی صحت کا راز چھپا ہے؟۔۔۔ وٹامن سی، وٹامن بی فائیو، پوٹاشیم اور فائبر سے بھرپور اس پھل کے سفید چھلکے اور باہر کی پتلی جلد بھی کھائی جاسکتی ہے بلکہ وہ پھل کا ہی حصہ ہوتے ہیں۔ صبح نہار منہ پانی کے علاوہ انار کا جوس پینا بے حد مفید ہے، انار کا تازہ جوس (ایک گلاس) گرم کریں، جب بھاپ نکلنا شروع ہوجائے تو اسے نیم گرم حالت میں نہار منہ پی لیں یا پھر مٹھی بھر انار دانے کو آدھے لیٹر پانی میں دس منٹ اُبال کر نچوڑیں، انجائنا کے مریضوں کو یہ پانی عام درجہ حرارت پر صبح کے وقت پینے کو دیں، اس سے سینے میں کھنچاؤ اور درد میں بے پناہ افاقہ ہوگا۔۔ بریسٹ کینسر کے خلاف مفید۔۔۔ خواتین میں بریسٹ کینسر ایک عام مرض ہے، ایک تحقیق کے نتائج میں یہ بات سامنے ا? ئی ہے کہ انار کے جوس کا استعمال بریسٹ کینسر کے خلیات کو ختم کرنے میں مدد دیتا ہے جبکہ اس عمل کے دوران صحت مند خلیے بالکل ٹھیک حالت میں رہتے ہیں۔ موسم سرما کے پھلوں کے صحت پر اثرانگیز ڈائٹ سے جلد وزن کم کرنا نقصان دہ ہے؟ دوسری جانب ماہرین کا کہنا ہے کہ انار بریسٹ کینسر کے خلیوں کو پیدا ہونے سے بھی روکتا ہے۔۔ یادداشت میں بہتری۔۔۔ تحقیقاتی مطالعہ جات سے کچھ ایسے شواہد حاصل ہوئے ہیں جن کے ذریعے پتہ چلا ہے کہ انار کا جوس یادداشت بہتر بنانے میں بھی معاون و مددگار ہے۔ ایک تحقیق میں ایسے رضا کاروں کو شامل کیا گیا جن کی حال ہی میں سرجری کی گئی تھی، ان مریضوں میں روزانہ کی بنیادوں پر انار کے جوس کے استعمال سے یاد داشت کو متاثر ہونے کے خطرے کو کم دیکھا گیا تھا۔

تنازعہ فلسطین 'دنیا مضمرات کو سمجھے

پرواز

راؤ محمد طاہر

raotahirisb@gmail.com

365 مربع کلو میٹر پر مشتمل غزہ کا علاقہ 2007 سے عملا اسرائیلی محاصرے میں ہے گزشتہ 16 برسوں کے دوران غزہ کی پٹی میں اسرائیل نے بدترین ریاستی دہشت گردی اور مظالم کی جو داستان رقم کی ہے وہ تاریخ کا حصہ ہے تاہم موجودہ حالات میں جب غزہ پر وحشیانہ بمباری جاری ہے -اسرائیلی فضائیہ تمام جنگی اصولوں کو بالائے طاق رکھ کر سکولوں اور پناہ گزین کیمپوں کو بھی نشانہ بنارہی ہے غزہ کی شہری آبادی کے لئے شدید خطرات جنم لے رہے ہیں-فلسطین اسرائیل تنازعے کا یہ باب غیر معمولی ہے اور اس کے مضمرات شدید تر ہوسکتے ہیں-حماس اور اسرائیل کی کی جنگ جاری رہی تو کشیدگی کے پھیلاؤ کا خارج ازامکان قرار نہیں دیا جاسکتا-غزہ کی پٹی میں بھڑکنے والے آگ کے شعلے اور دھوئیں کے بادل کسی بھی وقت پوری دنیا کے امن کو اپنی لپیٹ میں لے سکتے ہیں-غزہ کی شہری آبادی پر اسرائیلی فضائیہ کی تباہ کن حملوں اور اس کے نتیجے میں بے گناہ شہریوں کی شہادتوں پر مسلم ممالک کے حکمران زیادہ دیر تک خاموش نہیں رہ سکیں انہیں اپنے اپنے ممالک میں عوام کے شدید ترین ردعمل کے نتیجے میں کسی نہ کسی فیصلے پر پہنچنا پڑے گا اور یہ فیصلہ کیا ہوگا اس بارے اسرائیل کو پالنے اور اس کی ریاستی دہشت گردی پر پردہ ڈالنے والے ممالک بھی بخوبی جانتے ہیں- اسرائیل کو ہلہ شیری دینے والے مریکہ ' برطانیہ 'فرانس اور دیگر ممالک کو یہ بات فراموش نہیں کرنی چاہیے کہ فلسطین اور اسرائیل میں کھلی جنگ کے اثرات مشرق وسطی تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ غالب امکان یہ ہے کہ موجودہ حالات عالمی طاقتوں میں دھڑے بندی اور محاذ آرائی کا ایک اور سبب بن سکتے ہیں بالکل اسی طرح جیسے یوکرین اور روس کی کشیدگی نے دنیا میں محاذ آرائی اور دھڑے بندی کو بڑھا دیا ہے اور اس کے معاشی اثرات دنیا پر اپنے گہرے اثرات مرتب کر رہے ہیں- بہتر یہی ہوگا کہ عالمی طاقتیں بالخصوص پوری دنیا ماسکو کے اس انتباہ پر توجہ دے کہ حماس ' اسرائیل لڑائی میں تیسرے فریق کے شامل ہونے کا خطرہ بڑھ گیا ہے 'ضروری ہے کہ جلد از جلد جنگ بندی کرا کے مذاکرات کے عمل کی راہ نکالی جائے -مشرق وسطی میں چھائے جنگ کے بادل گہرے اور صیہونی ریاست کی بربریت کا دائرہ وسیع ہوتا جارہا ہے -سات اکتوبر کو اسرائیل پر حماس کے طوفان الاقصی آپریشن کے بعد سے شروع ہونے والی لڑائی نہ صرف جاری بلکہ تیزی کے ساتھ سنگین انسانی المیوں کی جانب بڑھتی چلی جارہی ہے -متعدد ممالک کی جانب سے اقوام متحدہ سمیت طاقتور ممالک کو جھنجھوڑنے اور جنگ بندی عمل میں لاکر انسانی المیے کو روکنے کی کوششیں کامیاب نہیں ہوسکیں- عالم اسلام کے حکمران بھی غزہ میں کسی بڑے انسانی المیے کو رونماء ہونے سے روکنے کے لئے عملی اقدامات اٹھانے کے بجائے محض مذمتوں اور مطالبات تک محدود ہیں جس کے باعث صیہونی ریاست اور اس کے سرپرستوں کے حوصلے بڑھتے جارہے ہیں-اسرائیل عالمی طاقتوں کے ہلہ شیری' اقوام متحدہ کی بے بسی اور عالم اسلام کے حکمرانوں کی بے حسی کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے غزہ پر زمینی 'فضائی اور سمندری حملے کی تیاریاں مکمل کرچکا ہے - فلسطینی مہاجرین کے لئے اقوام متحدہ کے ادارے کے سربراہ جولیٹ ناؤما کا کہنا ہے کہ ایک اندازے کے مطابق 10 لاکھ سے زائد افراد سات دنوں میں بے گھر ہوگئے ہیں-امریکہ نے بھی مقبوضہ بیت المقدس سے سفارتی عملہ اور شہری نکال لئے ہیں-غیرملکی میڈیا کے مطابق اسرائیل او رحماس میں جاری جنگ نے یورپ کو شدید خوف میں مبتلا کردیا ہے-اسرائیل کی جانب سے غزہ پر وحشیانہ بمباری کا سلسلہ بھی جاری وساری ہے اور اب تک اسرائیلی بمباری میں شہید فلسطینیوں کی تعداد تقریبا تین ہزار ہوگئی ہے 24' گھنٹوں کے دوران غزہ پر اسرائیلی حملوں میں مزید 400 فلسطینی شہید اور 800 زخمی ہوگئے ہیں 'اسرائیلی فوج کی حزب اللہ سے بھی جھڑپیں ہوئی ہیں شامی سرحد پر ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے 'حلب ایئرپورٹ پھر تباہ ہوگیا ہے 'اسرائیل غزہ پر بڑے حملے کی تیاری کر رہا ہے اور ہسپتال خالی کرانے کی وارننگ جاری کردی ہے -ادھر حماس نے اسرائیل کو غزہ کی پر زمینی کارروائی سے خبردار کرتے ہوئے اپنی تیاریوں کی ویڈیو جاری کردی ہے-حماس کی جانب سے جاری کی گئی فرضی ویڈیو میں ٹینکوں کو نشانہ بناتے ہوئے دکھایا گیا ہے- ادھر امریکہ نے اسرائیل کے مخالفین کو پیغام دینے کے لئے دوسرا بحری بیڑا بھی بھیجنے کا اعلان کردیا ہے -علاوہ ازیں ایران نے سلامتی کونسل کو خبردار کیا ہے کہ اسرائیل نے فلسطینیوں کی نسل کشی نہ روکی تو حالات کسی کے کنٹرول میں نہیں رہیں گے-مشرق وسطی کی سنگین صورت حال اس بات کی غمازی کر رہی ہے کہ اگر غزہ سے انخلاء اور اس پر بمباری کا سلسلہ فوری نہ روکا گیا تو انسانی المیہ سنگین تر ہوتا جائے گا جبکہ اس سے باقی دنیا کا امن بھی خطرے سے دوچار ہوسکتا ہے -چین کے وزیر خارجہ وانگ یی کا کہنا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی فوج کی بڑھتی ہوئی کارروائیاں اپنے دفاع کے حق کے دائرہ کار سے باہر نکل چکی ہیں اور اقوام متحدہ کو اس کو سنجیدگی سے لینا چاہیے انہوں نے مسئلہ فلسطین کو تاریخی ناانصافی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل غزہ کے شہریوں کو اجتماعی سزا دے رہا ہے-صورت حال کو مزید خراب ہونے سے بچانے کے لئے فریقین جلد از جلد مذاکرات کی میز پر آئیں 'انٹرنیشنل ریڈ کراس نے بھی اسرائیل 'غزہ جنگ سے جنم لینے والے انسانی المیوں سے متنبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس المیے میں سب سے بھاری قیمت عام شہریوں کو ادا کرنا پڑ رہی ہے-فلسطین کا معاملہ مشرق وسطی میں تصادم اور تشدد کی بنیادی وجہ ہے -اقوام متحدہ کا چارٹر کچھ بھی کہے اگر فلسطین وکشمیر جیسے تنازعات پرامن طریقے سے حل نہیں کئے جاتے تو دنیا میں امن کی امید نہیں کی جاسکتی- رہی بات دو ریاستی حل کی تو اوسلو معاہدے میں فلسطینی تو اس پر راضی ہوگئے لیکن اسرائیل راضی ہونے کے باوجود فلسطینی عوام کو ان کا حق دینے کو تیار نہیں- اسرائیل کو مظلوم ثابت کرنے والے بڑے ممالک اسرائیلی فضائیہ کی غزہ کی شہری آبادی کی مذمت کیوں نہیں کرتے ان کا یہ دوہرا معیار ہی دنیا میں انتہاء پسندی اور تشدد کا باعث بن رہا ہے- جب تک دنیا غاصب کی مذمت اور مظلوم کا ساتھ نہیں دے گی تشدد جاری اور دنیا کا امن بدستور خطرے میں رہے گا-امریکہ 'برطانیہ 'فرانس اور یورپی ممالک اسرائیل کو ہلہ شیری دینے اور بے گناہ معصوم فلسطینیوں کی شہادتوں پر خاموش رہنے کے بجائے اس لڑائی کے مضمرات کو سمجھتے ہوئے کشیدگی کے خاتمے کو یقینی بنانے کی کوشش کریں صرف یہی ایک صورت پوری دنیا کے امن کو یقینی بنا سکتی ہے اگر اب بھی اقوام متحدہ اور عالمی طاقتوں نے ہوش کے ناخن نہ لئے تو مشرق وسطی میں جاری کشیدگی اور اسرائیل فلسطین کی لڑائی تیسری عالمگیر جنگ کا باعث بن سکتی ہے۔

نہار منہ اجوائن کھانے کے صحت پر حیرت انگیز فوائد

بطور گرم مسالہ صدیوں سے استعمال کی جانے والی اجوائن کے نہار منہ کھانے سے بے شمار طبی فوائد حاصل ہوتے ہیں جن سے اکثر افراد نا واقف نظر آتے ہیں۔ طبی ماہرین کے مطابق اجوائن غذائیت سے بھرپور جز ہے، اس میں ڈائیٹری فائبر اور اینٹی سیپٹک اور اینٹی انفلامیٹری خصوصیات پائی جاتی ہیں جس کے سبب اس کے استعمال سے خون سے مضر صحت مادوں کا صفایا ممکن ہوتا ہے جس کے نتیجے میں مجموعی صحت سمیت خوبصورتی میں بھی اضافہ ہوتا ہے، ناہر منہ اجوائن کا استعمال واضح طور پر موٹاپے میں کمی لاتا ہے۔ اجوائن دوا کے طور پر بھی استعمال کی جاتی ہے، اس کے استعمال سے معدے سے متعلق شکایات دور ہوتی ہیں، سردی، نزلہ، زکام اور بخار میں کمی آتی ہے، اجوائن کا قہوہ بنا کر اگر دن میں دو بار پی لیا جائے تو بخار جلد ٹوٹ جاتا ہے، سانس میں تکلیف کی شکایت دور ہوتی ہے جبکہ اس کے باقاعدگی سے استعمال سے جسم میں چربی جمنے کا عمل رُک جاتا ہے اور غذا کے ساتھ لیا گیا اضافی کولیسٹرول ہضم ہونے کے بعد جمنے کے بجائے جسم سے خارج ہوجاتا ہے۔ اجوائن کے استعمال سے حاصل ہونے والے بے شمار فوائد سے کیسے مستفید ہوا جائے؟ اجوائن کو وزن میں کمی کے لیے استعمال کرنے والے افراد اسے روزانہ نہار منہ پھانک سکتے ہیں، اجوائن آدھا سے ایک چمچ لیں اور اسے پھانک کر پانی پی لیں۔ ایک لیٹر پانی کو ابالیں اور اس میں ایک چائے کا چمچ اجوائن ڈال لیں اور پھر 3 سے 4 منٹ تک ابالیں، پانی کی رنگت بدلنے پر چولہا بند کردیں اور پانی کو ٹھنڈا ہونے دیں، پانی کو چھان لیں اور پھر بوتل میں بھر کر دن بھر پیتے رہیں۔ اجوائن کا پانی نہ صرف نظام ہاضمہ کو بہتر کرتا ہے بلکہ میٹابولزم کی رفتار بھی بڑھاتا ہے، میٹابولزم کی رفتار جتنی زیادہ ہوگی، اتنی ہی کیلوریز زیادہ جلیں گی، اس کے نتیجے میں چربی بہت تیز رفتاری سے گھلنا شروع ہوجائے گی۔۔۔ اجوائن کا استعمال لیموں کے ساتھ۔۔۔ اجوائن کا استعمال وٹامن سی سے بھرپور پھل لیموں کے ساتھ بھی کیا جاسکتا ہے۔ لیموں جسمانی اعضاء اور خون کی صفائی میں مدد دیتا ہے، اجوائن جسمانی وزن میں کمی کے ساتھ توندکی چربی گھلانے کے لیے جادوئی تاثیر رکھتی ہے۔۔ اجوائن اور لیموں پانی بنانے کا طریقہ:۔۔ اجوائن کے کٹے ہوئے پتے لیں، اگر اجوائن کے پتے نہ ملیں تو اجوائن کا استعمال بھی کیا جاسکتا ہے،

شوبز

SHOWBIZ

کچھ کچھ ہوتا ہے کہ انجلی کاجول دوبارہ 'انجلی' بن گئیں

سپرہٹ فلم ''کچھ کچھ ہوتا ہے'' کی ریلیز کو آج 25 برس مکمل ہوگئے ہیں

ممبئی (سی ایم لنکس) سپر اسٹار کاجول ایک بار پھر بالی ووڈ کی سپرہٹ فلم ''کچھ کچھ ہوتا ہے'' کی انجلی بن گئی ہیں جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہورہی ہے۔ سپرہٹ فلم ''کچھ کچھ ہوتا ہے'' کی ریلیز کو آج 25 برس مکمل ہوگئے ہیں، ایسے میں فلم میں انجلی کا مرکزی کردار ادا کرنے والی اداکارہ کاجول اپنے مداحوں کو ایک بار پھر ماضی کی یادوں میں لے گئی ہیں۔ کاجول نے اپنے آفیشل انسٹاگرام ہینڈل پر نئی ویڈیو پوسٹ کی ہے جس میں وہ ''کچھ کچھ ہوتا ہے'' کی انجلی کے روپ میں ہیں، اداکارہ نے فلم کی 25 ویں سالگرہ کے موقع پر یہ ویڈیو بنائی اور ماضی کی یادتازہ کردی۔

سونم کپور کا مذاق اڑانے والی خاتون یوٹیوبر مشکل میں پھنس گئی

راگنی کی ویڈیو سے میرے فیشن برانڈز کی ساکھ متاثر ہوئی، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ سونم کپور کا مذاق اڑانے والی خاتون یوٹیوبر مشکل میں پھنس گئی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سونم کپور نے ان کا مذاق اڑانے والی راگنی نامی خاتون یوٹیوبر کو قانونی نوٹس بھیج دیا ہے۔ اداکارہ کی جانب سے بھیجے گئے قانونی نوٹس میں کہا گیا ہے کہ راگنی نے میری جو ویڈیو پوسٹ کی ہے اس کی وجہ سے مجھے اور میرے شوہر کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا جبکہ میرے فیشن برانڈز کی ساکھ بھی متاثر ہوئی ہے۔ سونم کپور نے قانونی نوٹس میں ویڈیو کا حوالہ بھی دیا ہے جس پر انہوں نے اعتراض کیا تھا۔ قانونی نوٹس میں کہا گیا کہ ویڈیو ڈیلیٹ کی جائے اور مستقبل میں ایسا کچھ نہ کیا جائے ورنہ کارروائی مزید آگے بڑھے گی۔

ہیما مالنی نے اپنی 75 ویں سال گرہ دھوم دھام سے منائی

معروف فلمی ستاروں کی شرکت نے جنم دن کی خوشی کو چار چاند لگا دیے

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کی 'ڈریم گرل' ہیما مالنی نے اپنی 75 ویں سالگرہ پر شاندار تقریب رکھی جس میں معروف فلمی ستاروں کی شرکت نے جنم دن کی خوشی کو چار چاند لگا دیے۔ بھارتی فلم انڈسٹری کی ماضی کی مقبول ترین اداکارہ اور بالی ووڈ میں ڈریم گرل کے نام سے مشہور ہیما مالنی 75 سال کی ہوگئیں اور اس خاص دن کو انھوں نے بڑے شاندار طریقے سے منایا۔ کئی دہائیوں تک فلم بینوں کے دلوں پر راج کرنے والی ہیما مالنی کی 75 ویں سالگرہ پر سلمان خان، وِدیا بالن، جیکی شیروف، ریکھا، رانی مکھرجی، ایوشمان کھرانہ، انوپم کھیر، مادھوری ڈکشٹ، روینہ ٹنڈن، جیا بچن اور بہت سے دیگر مہمان گرامی شریک تھے۔

ثنا جاوید نے وزن میں کمی کی وجوہات سے پردہ اٹھا دیا

مجھے ایسا لگ رہا تھا کہ میں موٹی ہوگئی ہوں اس وجہ سے میں نے ڈائٹنگ شروع کردی

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ ثنا جاوید نے اپنے وزن میں نمایاں کمی کی وجوہات سے پردہ اٹھا دیا۔ حال ہی میں اداکارہ ثنا جاوید نے اداکار احسن خان کے ہمراہ نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں شرکت کی جس میں انہوں نے مختلف موضوعات پر کھل کر اظہار خیال کیا۔ پروگرام کی میزبان نے سوال کیا کہ آپ کے وزن میں نمایاں کمی دکھائی دے رہی ہے اس کا کیا راز ہے؟ ثنا ابھی کچھ کہنا ہی چاہ رہی تھیں کہ احسن خان نے لقمہ دیتے ہوئے کہا کہ شوٹنگ کے دوران جب بھی ثنا کے کمرے میں جاؤ تو وہاں صرف بسکٹ اور چپس کے پیکٹ ہی نظر آتے ہیں۔

شرمیلا فاروقی نے کربلا سے تصاویر شیئر کردیں

کراچی (سی ایم لنکس) شرمیلا فاروقی عمرہ ادا کرنے کے بعد زیارات کے لیے کربلا پہنچ گئیں، جہاں سے انہوں نے اپنی تصاویر انسٹاگرام پر شیئر کی ہیں۔ پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والی سابق رکن صوبائی اسمبلی شرمیلا فاروقی نے چندروز قبل عمرہ ادا کیا تھا۔ اس سلسلے میں انہوں نے مسجد الحرام میں عمرہ ادا کرتے ہوئے اور اس سے قبل مدینہ منورہ میں مسجد نبوی میں حاضری کے وقت اپنی تصاویر سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر شیئر کی تھیں۔ شرمیلا فاروقی نے اپنی تازہ تصویر کربلا سے شیئر کی ہے، جہاں سے انہوں نے اپنی زیارات کی تصاویر شیئر کیں۔

میں کبھی سچ بولنے سے نہیں گھبرائی، عفت عمر

ہمیشہ سچ بولا اس لیے کئی بار ذہنی و مالی نقصان بھی اٹھانا پڑا

لاہور (سی ایم لنکس) نامور پاکستانی اداکارہ و پروگرام ہوسٹ عفت عمر نے کہا ہے کہ میں کبھی سچ بولنے سے نہیں گھبرائی، اس لیے کئی بار ذہنی و مالی نقصان بھی اٹھانا پڑا۔ حال ہی میں اداکارہ عفت عمر نے ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کی جس میں انہوں نے خواتین کے حقوق، فیمنزم سمیت مختلف موضوعات پر کھل کر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ فنی کیریئر کے حوالے سے بات کرتے ہوئے اداکارہ نے بتایا کہ میں نے محض 16 برس کی عمر میں شوبز انڈسٹری میں قدم رکھا، میں نے اتنی کم عمر میں ماڈلنگ کی، میں سچ بولنے سے نہیں گھبراتی، مجھے جو بہتر لگتا ہے وہ میں کہہ دیتی ہوں۔

انجلینا جولی کی نئی فلم کی پہلی جھلک بنی صارفین کی توجہ کا مرکز

وہ اس فلم پر کام شروع کرنے کے لیے ناقابل یقین حد تک پرجوش

نیویارک (سی ایم لنکس) انجلینا جولی ہالی ووڈ کی لیجنڈری اداکاراؤں میں سے ایک ہیں اور ہمیشہ کسی نہ کسی وجہ سے خبروں کی زینت بنی رہتی ہیں اور اس بار وہ ایک نئے کردار کے ساتھ اسکرین پر واپسی کررہی ہیں۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق انجلینا جولی پابلو لارین کی اگلی بایو پک ماریا کے ساتھ اسکرین پر واپسی کرنے والی ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اداکارہ بایو پک میں لیجنڈ اوپیرا گلوکارہ ماریا کالاس کا کردار ادا کریں گی جس کی پہلی جھلک سامنے آگئی ہے۔ رپورٹ میں واضح کیا گیا ہے کہ پابلو لارن کی بائیوپک ماریا کی جاری تصاویر میں دیکھا جاسکتا ہے کہ انجلینا جولی نے مشہور اوپیرا گلوکارہ ماریا کالاس کا کردار ادا کیا ہے۔

سپورٹس

SPORTS

میں بے بس ہوں، باکسر عامر خان غزہ کی صورتحال پر پھٹ پڑے

عالمی رہنماؤں کو غزہ پر آواز اٹھانی چاہیے اور ایکشن لینا چاہیے



لندن (این این آئی) پاکستانی نژاد برطانوی باکسر عامر خان نے اسرائیل کی فلسطین پر جاری بربریت پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ پر حملوں کو روکنے کے لیے کیوں کچھ نہیں کیا جارہا؟۔ باکسر عامر خان نے غزہ کی صورتحال پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ غزہ میں گزشتہ رات اسپتال پر بمباری کی گئی ہے، معصوم لوگوں جن میں بچے بھی شامل ہیں انہیں قتل کیا جارہا ہے، عالمی رہنماؤں کو غزہ پر آواز اٹھانی چاہیے اور ایکشن لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ روزانہ یہ ویڈیوز دیکھ کر میرا دل ٹوٹتا ہے، میں بے بس ہوں، کبھی نہیں سوچا تھا کہ میں زندگی

بھارت کیخلاف میچ ماضی کا حصہ، اب آسٹریلیا سے میچ پر فوکسڈ ہیں

احمد آباد میں جو ہوا اسکو وہیں چھوڑ کر نئے حوصلے کے ساتھ بنگلورو آئے ہیں، سعود شکیل

بنگلورو (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر سعود شکیل نے کہا ہے کہ بھارت کے خلاف میچ ماضی کا حصہ ہوگیا اور اب قومی کرکٹرز نئے جذبے کے ساتھ آسٹریلیا کے خلاف میچ کیلئے فوکسڈ ہیں۔ بنگلورو میں ایک انٹرویو میں سعود شکیل نے کہا کہ بھارت والا میچ گزر گیا، وہ ایک برا دن تھا، اب اگلے میچ کیلئے فوکسڈ ہیں، آسٹریلیا سے جیت کر پوزیشن مستحکم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے شروع میں اچھی کرکٹ کھیلی، دو میچز جیتے، بڑا میچ ہار کر مایوسی تو ہوتی ہے لیکن احمد آباد میں جو ہوا اسکو وہیں چھوڑ کر نئے حوصلے کے ساتھ بنگلورو آئے ہیں، اب یہی کوشش ہے کہ بھارت والا میچ بھول کر آسٹریلیا کے خلاف میچ پر فوکس کریں۔ سعود شکیل نے کہا کہ ورلڈکپ میں آسٹریلیا کا بھی آغاز اچھا نہیں ہوا، ان پر بھی پریشر ہوگا، ہم کوشش کریں گے کہ اپنی اسٹرینتھ کے مطابق کھیلیں۔ مڈل آرڈر بیٹر نے کہا کہ وائٹ بال کیلئے خود کو تیار کرنے کیلئے کافی محنت کی ہے، اندازہ تھا کہ کس پوزیشن پر جگہ بن سکتی اس حساب سے تیاری کی اور خواہش یہی تھی کہ وائٹ بال بھی کھیلوں اس حساب سے شاٹس کی پریکٹس کی۔

لاہور: 7ویں پریمئر سپر کارپوریٹ کرکٹ لیگ میں اے ایم ٹی اور سول ایوی ایشن کی ٹیموں کے کپتان ٹاس کر رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

ساتویں پریمئر سپر کارپوریٹ کرکٹ لیگ میں مزید 5 میچوں کا فیصلہ

یونی سافٹ ویئر، ڈیسکون، سی بی ایس، ڈیجیٹل اور اے ایم ٹی کی ٹیمیں فاتح رہیں

لاہور (این این آئی) 7ویں پریمئر سپر کارپوریٹ کرکٹ لیگ میں مزید 5 میچوں کا فیصلہ ہوگیا جس کے مطابق یونی سافٹ ویئر، ڈیسکون، سی بی ایس، ڈیجیٹل اور اے ایم ٹی کی ٹیمیں فاتح رہیں۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے میچ میں یونی سافٹ ویئر ٹیم نے اے جی پی ٹیم کو پچھاڑ دیا، اے جی پی ٹیم نے 19 اوورز میں 131 رنز بنائے ۔ جواب میں یونی سافٹ ویئر ٹیم نے 19 ویں اوور میں ہدف پورا کرلیا۔ اتفاق کرکٹ گراؤنڈ ماڈل ٹاؤن میں کھیلے گئے میچ میں ڈیسکون اور اٹلس ہنڈا کی ٹیمیں مد مقابل آئیں جس میں ڈیسکون نے اٹلس ہنڈا کی ٹیم کو شکست دیدی۔ ڈیسکون ٹیم نے 20 اوورز میں 166 کا ہندسہ جوڑا تاہم ہدف کے تعاقب میں اٹلس ہنڈا کی ٹیم 153 رنز بنا سکی بنائے ڈسکون نے اٹلس ہنڈا ٹیم کو 13 رن سے شکست دی۔ اتفاق کرکٹ گروائنڈ ماڈل ٹاؤن میں کھیلے گئے میچ میں سی بی ایس نے پی ٹی وی ٹیم کو ہرادیا۔ سی بی ایس ٹیم نے 18 اوورز میں 128 رنز بنائے جبکہ پی ٹی وی کی ٹیم 14 اوور میں صرف 71 رن بنا سکی۔ ویلنشیا کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے

ہم صرف بھارت کو شکست دینے نہیں آئے، محمد نواز

بھارت کے خلاف میچ میں شکست ماضی کا حصہ بن گئی، خصوصی گفتگو

بنگورو (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے آل راؤنڈر محمد نواز نے کہا ہے کہ بھارت کیخلاف شکست اور خراب کارکردگی پر تنقید تو ہونا تھی تاہم ہم صرف بھارت کو شکست دینے نہیں آئے اولین ترجیح سیمی فائنل میں پہنچنا ہے۔ چناسوامی اسٹیڈیم میں گفتگو کرتے ہوئے آل راؤنڈر محمد نواز نے کہا کہ بھارت کے خلاف میچ میں شکست ماضی کا حصہ بن گئی ہمیں یہ سب بھلا کر آگے بڑھنا ہوگا۔ محمد نواز نے کہا کہ بھارت کے خلاف میچ میں سب کی امید بڑھ جاتی ہیں دونوں ممالک کی عوام کو اس میچ میں بڑی توقع ہوتی ہے کیونکہ بڑا میچ ہوتا ہے۔

پاکستان ویمنز اے کی سیریز کے میچ آفیشلز کا اعلان

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ویسٹ انڈیز ویمنز اے اور تھائی لینڈ ویمنز ایمرجنگ کے خلاف سیریز کے لیے میچ آفیشلز کے ناموں کا اعلان کردیا ہے، پاکستان ویمنز اے ٹیم ویسٹ انڈیز اے کے خلاف ون ڈے سیریز اور تھائی لینڈ ایمرجنگ کے خلاف ٹی ٹونٹی سیریز کھیلے گی۔ اس کے علاوہ تینوں ٹیموں کے درمیان سہ فریقی ٹی ٹونٹی سیریز بھی کھیلی جائے گی۔ جن میچ آفیشلز کے ناموں کا اعلان کیا گیا ہے ان میں پی سی بی اور آئی سی سی کے انٹرنیشنل پینل امپائرز راشد ریاض اور فیصل آفریدی اور پی سی بی/آئی سی سی کے انٹرنیشنل میچ ریفری محمد جاوید بھی شامل ہیں۔ پی سی بی کے خواتین امپائرز پینل میں شامل ہیں۔

جنوبی افریقہ نے نیدرلینڈ کو ہلکا لیا، محمد عامر، عماد وسیم

جنوبی افریقی ٹیم نیدرلینڈز کے خلاف میچ میں کسی معجزے کا انتظار کررہی تھی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے فاسٹ بولر محمد عامر نے کہا ہے کہ جنوبی افریقی ٹیم نیدرلینڈز کے خلاف میچ میں کسی معجزے کا انتظار کررہی تھی۔ تفصیلات کے مطابق آئی سی سی ون ڈے ورلڈکپ میں نیدرلینڈز نے جنوبی افریقا کو 38 رنز سے اپ سیٹ شکست دی، اسی حوالے سے سابق کرکٹر محمد عامر نے کہا کہ افریقی ٹیم کھیل کے دوران کسی معجزے کا انتظار کررہی تھی کہ شاید نیدرلینڈز کے کھلاڑی اب آؤٹ ہوں یا افریقا اب رنز کرے، لگتا ہے نیدرلینڈز کی جیت کا پاکستان کو فائدہ ہوگا۔

ورلڈکپ میں صرف پیس کے ذریعے وکٹس نہیں لی جاسکتیں، وسیم اکرم

کراچی (این این آئی) سابق کپتان وسیم اکرم نے کہا ہے کہ ورلڈکپ میں صرف پیس کے ذریعے وکٹس نہیں لی جاسکتیں۔ ایک انٹرویو میں وسیم اکرم نے کہا کہ اگر آپ ان پچز پر صرف پیس سے کام لیں گے تو ٹاپ بیٹرز آپ کو وکٹس نہیں لینے دیں گے، اگر آپ کو فیلڈ کھلی نظر آرہی ہے تو آپ نے ڈاٹ بولز کے ذریعے بیٹرز پر پریشر ڈالنا ہوگا۔

پاکستان کے ورلڈکپ میں مزید آگے جانا مشکل ہے، سارو گنگولی

ہمارے دور میں پاکستان ایک مختلف ٹیم تھی، یہ پاکستان ٹیم اس ٹیم جیسی نہیں ہے

ممبئی (این این آئی) آئی سی سی ون ڈے ورلڈکپ کے آغاز سے قبل پاکستان کرکٹ ٹیم کے سیمی فائنل میں پہنچنے کی پیشگوئی کرنے والے سابق بھارتی کرکٹر سارو گنگولی نے پاکستان کے ورلڈکپ میں مزید آگے جانے کو مشکل قرار دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میگا ایونٹ میں تین میچز کھیل چکا ہے، جس میں نیدرلینڈز اور سری لنکا کے خلاف کامیابی جبکہ بھارت کے خلاف بدترین شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ قومی ٹیم جمعہ 20 اکتوبر کو آسٹریلیا کے مدمقابل ہوگی۔ بھارت سے شکست کے بعد سارو گنگولی نے بھارتی چینل پر گفتگو کرتے ہوئے پاکستان کے ورلڈکپ میں مزید آگے جانے کو مشکل قرار دیا ہے۔ گنگولی نے اپنے وقت میں ماضی کی پاکستانی کرکٹ ٹیم کو زیادہ بہتر قرار دیا۔ انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہمارے دور میں پاکستان ایک مختلف ٹیم تھی۔

بقیہ 1

ملک اظہر تفصیلات کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات میں کمی کا براہ راست فائدہ عوام تک پہنچانے کے لیے اے سی گوجرخان نے ایک ہنگامی اجلاس کا، انعقاد کیا جس میں لوکل روٹس کونتریلہ، دولتالہ، پیر پھلائی، گلیانہ، جھینہ، ڈھوک امب، ڈورابدحال چلنے والی ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کرنے کے حوالے سے فیصلہ کیا اس اجلاس میں ٹریفک وارڈنز انسپکٹر شاہد عمران اور لوکل روٹس پر چلنے والی ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں فوری کمی کرنے کا فیصلہ کیا گیا اے سی گوجرخان نے انچارج ٹریفک وارڈنز اور اڈوں کے منشیوں کو ہدایات دیں کہ کرایوں میں کمی فی الفور نافذ العمل کی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت سے سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے تمام اڈوں میں کرائے ناموں کے بینرز نمایاں جگہ آویزاں کرنے کے احکامات جاری کئے۔

بقیہ 2

پیانے اور ریٹس کو تسلی بخش پایا تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان نے بیول کا ہنگامی دورہ کرتے ہوئے بیول مارٹ، کاشف مارٹ، دیگر کریانہ اور چکن شاپس کو چیک کیا ریٹ لسٹ نمایاں جگہ آویزاں نہ کرنے اور گراں فروشی کے مرتکب کاشف اور بیول مارٹ سمیت متعدد دکانداروں اور چکن شاپس والوں کو بھاری جرمانے عائد کیے اس موقع پر انھوں نے دکانداروں کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا ریٹ لسٹ نمایاں جگہ آویزاں کی جائے اور تمام اشیاء خورد ونوش کی فروخت سرکاری نرخ نامے کے مطابق یقینی بنائی جائے خلاف ورزی کرنے والوں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا شہریوں کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کی ہرگز کسی کو اجازت نہ دی جائے گی

بقیہ 3

نے وکیل درخواست گزار کے دلائل سننے کے بعد کیس کی مزید سماعت 14 نومبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 4

نیتن یاہو نے ان کا استقبال کیا۔ دونوں رہنماوں نے دوبدو ملاقات بھی کی جس میں غزہ کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ امریکی صدر نے یہ دورہ غزہ کے ایک اسپتال پر اسرائیلی حملے میں 500 فلسطینیوں کی شہادت کے اگلے روز کیا ہے اور صدر جوبائیڈن اس سفاکانہ عمل پر اسرائیل کی مذمت کرنے کے بجائے اظہار یکجہتی کرنے پہنچ گئے۔ امریکی صدر نے ملاقات میں اسرائیل کو اسلحہ کی فراہمی اور خارجہ معاملات میں بھی مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی جب کہ حماس کے حملے میں مارے جانے والے 1700 سے زائد اسرائیلیوں کی اموات پر نیتن یاہو سے تعزیت بھی کی۔ تاہم امریکی صدر نے اسرائیل کی بمباری میں شہید ہونے والے 3 ہزار سے زائد فلسطینیوں کی شہادتوں جن میں ایک ہزار سے زائد بچے اور خواتین بھی شامل ہیں پر مجرمانہ چپ سادھے رکھی۔ امریکا اسرائیل گٹھ جوڑ کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ صدر جوبائیڈن نے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے کہا کہ اسپتال میں حملے میں اسرائیل نہیں بلکہ دوسری قوت ملوث ہیں۔ ان کا اشارہ حماس کی جانب تھا۔ قبل ازیں اسرائیلی فوج نے بھی یہی دعوی کیا تھا کہ متعدد انٹیلی جنس ذرائع سے پتا چلا ہے کہ حماس کی اتحادی تنظیم اسلامی جہاد کے راکٹس نشانہ چوک گئے اور اسپتال کو جا لگے۔ اسرائیلی فوج کے ترجمان ڈینیل ہگاری نے نے مزید کہا کہ حملے کے وقت اسپتال کے قریب اسرائیل کوئی فضائی کارروائی نہیں کررہا تھا اور نہ ہی اسپتال کو لگنے والے راکٹس اسرائیلی فوج کے زیراستعمال راکٹس سے ملتے ہیں۔ خیال رہے کہ امریکا کی جانب سے اسرائیل کے لیے بھیجے جنگی طیارے بردار بحری جہاز نزدیکی ساحل تک پہنچ گیا ہے جب کہ ایک اور بحری بیڑہ بھی جلد روانہ کیا جائے گا۔

بقیہ 5

کوزخمی کرنے والے ملزم محمد عقاب کوگرفتار کرلیا، ملزم نے گھریلو رنجش پر کلہاڑیوں کے وار کرکے بھانجے صائم کوقتل اور اپنی بہن نگہت بی بی کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کی اطلاع پر مقدمہ درج کر کے ملزم عقاب کوفوری گرفتار کرلیا۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ گرفتار ملزم کوٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائیگا، سنگین وارادت پر ملزم کوقرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 6

گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ اسداللہ، عالم زیب اور خلال خان شامل ہیں، مسروقہ رقم 78 ہزار روپے، 3 موٹر سائیکل اور 10 موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا۔ ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے کہا کہ ملزمان سے مال مسروقہ شناخت پریڈ کے بعد برآمد کیا گیا، گرفتار ملزمان کوٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، منظم اور متحرک گینگز کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 7

صنعت میں 1.5 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی مفاہمتی یادداشت پر بیجنگ میں دستخط کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں نگران وفاقی وزیر توانائی محمد علی بھی موجود تھے۔ دوران تقریب یونائیٹڈ انرجی گروپ اور پاکستان ریفائنری لمیٹڈ کے مابین مفاہمتی یاداشت پر دستخط ہوئے۔ ریفائنری سے حاصل ہونے والا پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل نہ صرف مہنگے درآمدی ایندھن کا متبادل ہوگا بلکہ ریفائنری کی پیٹرول کی کل پیداواری استعداد اڑھائی لاکھ میٹرک ٹن سے بڑھ کر 16 لاکھ میٹرک ٹن اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی پیداوار 6 لاکھ میٹرک ٹن سے بڑھ کر 20 لاکھ میٹرک ٹن ہوجائے گی۔

بقیہ 8

کے تحت ہونہار طلباؤطالبات کیلئے الرازی ہال میں منعقدہ لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود، رجسٹرار ڈاکٹر احمد اسلام، ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن ٹیکنالوجی پروفیسر ڈاکٹر کامران عابد ہائر ایجوکیشن کمیشن کے انچارج ڈائریکٹر لاہور چوہدری غفور احمد، پنجاب ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے ممبران ، فیکلٹی ممبران اور طلباؤطالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے کہا کہ نوجوانوں میں مہارتیں پیدا کرنے کی اس لئے ضرورت ہے تاکہ وہ پاکستان کے اندر اور پاکستان سے باہر ملک وقوم کا نام روشن کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ میرٹ ، توازن اور شفافیت سے ہی انسانیت اور پاکستان کا مستقبل جڑا ہے۔

بقیہ 9

پوری طرح باخبر ہیں، پہلے مرحلے میں فوڈ پیکج ،ادویات ، کمبل سمیت 10 کروڑ کا امدادی سامان فراہم کیا گیا، دوسرے مرحلے پر 50 کروڑ کا فنڈ مختص کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت غزہ میں 1200 افراد ملبے میں دبے ہیں جن میں 500 سے زائد معصوم بچے ہیں جنہیں ریسکیو کرنے کا کوئی انتظام نہیں ہے، الخدمت فاؤنڈیشن کی سرچ اینڈ ریسکیو ٹیمیں اپنے تمام سامان سمیت تیار اور سگنل کی منتظر ہیں جونہی راستہ ملے گا ہماری ٹیمیں وہاں پہنچ کر متاثرہ افراد کو ریسکیو کریں گے ،الخدمت کی یہ ٹیمیں اس سے قبل ترکی وشام کے حالیہ زلزلے میں خدمات سرانجام دے چکی ہیں، ہم پاکستانی حکومت اور این ڈی ایم اے سے درخواست کرتے ہیں غزہ راستہ بنانے میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ ہماری ٹیمیں وہاں پہنچ کر ریسکیو آپریشن کرسکیں، الخدمت کے سرجن ، آرتھوپیڈک ،میڈیکل کے دیگر شعبوں کے ماہرین کی ٹیمیں بھی اپنے پاسپورٹ لے کر مکمل تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غزہ کے اندر سے دستیاب امدادی سامان کے ذریعے ریلیف کا کام جاری ہے،

بقیہ 10

کی خلاف ورزی پر اڑتیس مقدمات درج اور دو عمارتوں کو سیل کیا ہے۔ ایس او پی کی خلاف ورزی پر تیرہ چالان ٹکٹ جاری ، تیرہ لاکھ اڑتالیس ہزار روپے جرمانہ عائد کیا ہے۔

بقیہ 11

، محمد رضوان الیاس، شارق شہزاد مدنی نے بارگاہ خداوندی اور بارگاہ رسالت وآل رسول میں نذرانہ عقیدت پیش کرنے کی سعادت حاصل کی، اس موقع پر سید شبر عباس ایڈووکیٹ، انسپکٹر سید شبیر عباس، سید شجر عباس، معروف تاجر چوہدری جمال، نیامت خان، رہنما منہاج القرآن ڈاکٹر محمد واجد مصطفوی، محمد شفیق مصطفوی، ریاست علی قادری، چوہدری عبدالخالق سول جج، مینجر نیشنل بینک راجہ حامد اکرام، فنانس سیکرٹری پوٹھوہار پریس کلب مرزا محمد ندیم نے خصوصی شرکت کی جبکہ اختتامی دعا پیر سید مزمل احمد شاہ بخاری نے کرائی

بقیہ 12

مہمان خصوصی میجر (ر) عامر نے کہا کہ تخلیق اللہ تعالی کی صفت ہے زمینوں اور آسمان کے درمیان جو کچھ بھی ہے سب اللہ تعالی نے تخلیق کیا ہے، نمائش میں رکھے گئے فن پارے قدرت کو حقیقی رنگ دینے کے مترادف ہیں، دونوں آرٹسٹوں نے قدرت کے حسین نظاروں کو رنگوں میں سموں دیا۔ رنگوں کو زبانی ضرورت نہیں ہوتی۔ رنگ اپنی زبان خود بولتے ہیں۔ آرٹسٹ ہمیشہ معاشرے میں مثبت کردار ادا کرتے ہیں۔ ہمیں نوجوان نسل کو روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ آرٹ کی طرف بھی راغب کرنا چاہیے۔ ناہید منظور نے کہا کہ مختلف موضوعات کو ایک نمائش میں سمونا بھی ایک آرٹ ہے۔ آرٹس کونسل نے ہمیشہ نوجوانوں کو پلیٹ فارم مہیا کیا ہے تاکہ وہ اپنا کام دنیا کے سامنے پیش کرسکیں۔ حکومت پنجاب کی آرٹ اور آرٹسٹوں کی فلاح وبہبود کے لیے اقدامات مثالی ہیں۔ پنجاب حکومت آرٹسٹوں کی مالی مشکلات سے آگاہ ہے

بقیہ 13

کھوکھر نے صدر بیرونی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو انکے اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 14

عسکری ٹاور جلا گھیرا مقدمہ میں ضمانت منظور کی۔ عدالت نے مزید 6 ملزمان کی بھی ضمانتیں منظور کیں جبکہ نامزد ملزم سفیان کی ضمانت واپس لینے کی بنیاد پر خارج کردی۔ فیصلہ سنائے جانے کے وقت خدیجہ شاہ کے خاوند، والدہ، بہن سمیت دیگر رشتہ دار بھی کمرہ عدالت میں موجود تھے۔ عدالتی فیصلے کے بعد خدیجہ شاہ کے خاوند کا کہنا تھا اللہ کا شکر ہے انہیں انصاف مل گیا۔

بقیہ 15

کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان ومال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 16

سگریٹ کے گودام سے رقم چھین کر فرار ہو گئے تھے، مری پولیس نے ہیومن ریسورسز اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزمان کو گرفتار کیا، ملزمان میں کمپنی کا ایک ملازم نعمان بھی شامل تھا۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 17

عبدالقیوم سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، مندرہ پولیس نے ملزم نعیم سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم اعزاز سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 18

2 کلو800 گرام ہیروئن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم عبدالقیوم سے 5 کلو986 گرام چرس، ملزم ثاقب سے 2 کلو چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم رضوان نواز سے 2 کلو400 گرام چرس، وارث خان پولیس نے ملزم عرفان سے 1 کلو800 گرام چرس، رتہ امرال پولیس نے ملزم رب نواز سے 1 کلو680 گرام چرس، دھمیال پولیس نے ملزم ذوہیب سے 1 کلو500 گرام چرس، ملزم احمد سے 540 گرام چرس، ملزم بابر سے 560 گرام چرس، ملزم محمد کیف سے 560 گرام چرس، ائیرپورٹ پولیس نے ملزم عثمان سے 1 کلو250 گرام چرس، صادق آباد پولیس نے ملزم عدنان سے 1 کلو250 گرام چرس، واہ کینٹ پولیس نے ملزم کرامت سے 1 کلو360 گرام چرس، ملزم شاہد محمود سے 530 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم عرفان سے 550 گرام چرس، سول لائن پولیس نے ملزم رحیم اللہ سے 503 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا، وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کیا جارہا ہے۔

بقیہ 19

میں قائم ایک میڈیا پلیٹ فارم NFTStudio24 کی بانی اور سی ای او ہیں جس کا مقصد جاپان اور دنیا کے درمیان زبان اور ملک کی رکاوٹ کو دور کرنا ہے اور اس کے برعکس Web3، Blockchain اور Metaverse میں کاروباری مواقع کو بڑھانا ہے۔ وہ سوشل میڈیا مارکیٹنگ، کاروبار اور حکومتوں کے درمیان اتحاد بنانے میں مہارت رکھتی ہیں۔ انہوں نے آئی ٹی اور بلاک چین ٹیکنالوجی کے شعبے میں پانچ سال تک کام کیا ہے - NFTStudio24 کے ساتھ، Hinza اسٹارٹ اپس اور افراد کو خلا میں اپنی جگہ تلاش کرنے میں مدد کر کے Web3 کو دنیا میں فروغ دینے میں اپنا حصہ ڈال رہا ہے - وہ ایک انٹرایکٹو Web3 کمیونٹی بھی بنا رہی ہیں جہاں ہر رکن کو اپنے پروجیکٹ کو ظاہر کرنے اور کامیابی کی طرف بڑھنے کا موقع ملتا ہے۔ ان کا حتمی مقصد تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان فرق کو ختم کرنا اور صنعت میں ترقی اور تعاون کو فروغ دینا ہے۔ وہ 5 نامزد افراد میں شامل ہیں، جو ٹیک کی دنیا میں پاکستانی کمیونٹی کی نمائندگی کر رہی ہیں۔ ایک بیرون ملک مقیم پاکستانی کے طور پر، ہنزا پاکستان اور ہندوستان میں ویب تھری کو اپنانے کے فروغ کے لیے کوششیں کر رہی ہے۔ اتحاد بنانے اور جاپان کی مارکیٹ کو دنیا سے جوڑنے کے دروازے کھول کر، انہوں نے صنعت میں ایک نمایاں نام قائم کیا ہے - NFTStudio24 میں، ان کا کام روایتی اور Web3 کے درمیان فرق کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جس سے بلاک چین اور وکندریقرت ٹیکنالوجیز کے فوائد کو جنوبی ایشیائی اور جاپان کی مارکیٹوں میں سامنے لایا گیا ہے - Web3 جنوبی ایشیا الائنس جاپان کے پیچھے ایک ماسٹر مائنڈ کے طور پر، ہنزا آصف نے جاپان میں پاکستان اور ہندوستان بھر میں Web3 کمیونٹی کے درمیان تعاون، اختراعات اور علم کے اشتراک کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ جس کا مقصد ایک فروغ پزیر ماحولیاتی نظام بنانا ہے جہاں افراد Web3 میں مواقع سے فائدہ اٹھا کر ترقی کی منازل طے کرسکیں۔ ان کی کوششوں کو اب ویمن ان ٹیک کے ذریعہ تسلیم کیا جا رہا ہے کیونکہ وہ Web3 ایوارڈز میں خواتین کے لیے نامزد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "نامزد ہونا اعزاز کی بات ہے۔ میرا مشن ہمیشہ لوگوں کو Web3 ٹیکنالوجی کو اپنانے اور اس کی لامحدود صلاحیتوں کو تلاش کرنے کے لیے بااختیار بنانا رہا ہے،" ویمن ان ٹیک اے پی اے سی ایوارڈز جمعرات 26 اکتوبر 2023 کو کوالالمپور، ملائیشیا میں منعقد ہوں گے۔

بقیہ 20

تعمیر عمارت کا بھی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی نے تھانہ کینٹ، آرائے بازار، ریس کورس، نصیر آباد اور ویسٹریج کا دورہ کیا، سی پی او فرنٹ ڈیسک ریکارڈ، حوالات، تھانہ کی عمارت سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا سی پی او سید خالد ہمدانی نے تھانہ ویسٹریج کی زیرتعمیر عمارت کا بھی جائزہ لیا، تھانہ آرائے بازار میں بہترین صفائی پر خاکروب کو شاباش دی

بقیہ 21

میں سی پی او سید خالد ہمدانی نے اہم کیسز کی تفتیش کا فرداً فرداً جائزہ لیا اور افسران کو ہدایات دیں، ایس پی ڈی او کینٹ نے کہا کہ جرائم کی روک تھام کے لیے مال روڈ اور بنک روڈ پر خصوصی پکٹس کے ذریعے جرائم کنٹرول ہوئے، کینٹ کے علاقہ سے موٹرسائیکل چوری کی روک تھام کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں جس سے فرق پڑا ہے، گینگز کے خلاف کارروائیاں بہتر ہوئی ہیں، سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ جرائم کے خلاف کارکردگی بہتر ہے، مزید بہتر بنائی جائے، جرائم برخلاف اشخاص میں ملزمان کی گرفتاری کو یقینی بنائیں، سنگین مقدمات میں ایس ڈی پی او تفتیش کی براہ راست نگرانی کریں، قتل کے مقدمات میں ملزمان کی گرفتاری اور بروقت چالان کو یقینی بنائیں، سنگین مقدمات کے اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کو یقینی بنائیں، منظم اور متحرک گینگز کے خلاف گھیرا تنگ کیا جائے، کرائم ہاٹ سپاٹس کے لیے مربوط حکمت عملی سے کام کریں، منشیات کے مقدمات میں سزایابی کے لیے موثر تفتیش کیاجائے، لیگل برانچ سے مدد لی جائے، رابری کے بڑے مقدمات ٹریس ہیں، گشت کے لیے بہتر حکمت عملی بنائی جائے تاکہ موثر گشت ہوسکے، 15 کالز کا رسپانس اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنایا جائے، موٹرسائیکل چوری اور منشیات پر خصوصی فوکس کریں، گینگز اور منشیات کے خلاف آپکی کارکردگی بہتر ہے اس میں مزید بہتری لائیں۔

بقیہ 22

گاڑی روک لی۔ وزیراعلی محسن نقوی بچوں کے پاس گئے اور ان سے بات چیت کی اور مسائل پوچھے۔ بچوں نے وزیر اعلی محسن نقوی سے لائبریری اور جونیئر سکول میں کمپیوٹر لیب کی درخواست کی۔ وزیراعلی محسن نقوی نے اس ضمن میں کمشنر فیصل آباد ڈویژن کو ہدایات دیں۔ صوبائی وزرا منصور قادر، عامر میر، چیف سیکرٹری، انسپکٹر جنرل پولیس، کمشنر فیصل آباد ڈویژن بھی ہمراہ تھیں۔

بقیہ 23

علاقے یارو کے قریب دو گاڑیوں سے 450 کلو چرس برآمد کی گئی برآمد چرس گاڑی کے دروازوں، بمپرز، پچھلی سیٹ اور فرش میں چھپا کر سمگل کی جارہی تھی ، دوران کارروائی کوئٹہ کے رہائشی تین ملزمان گرفتار کر لیا گیا باچہ خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر مسافر کے پیٹ سے 84 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد جبکہ ڈیرہ غازی خان میں مسافر بس میں سوار ملزم سے 3 کلو600 گرام چرس برآمد کرکے زیارت کے رہائشی ملزم منشیات کوئٹہ سے پنجاب اسمگل کر رہا تھا گرفتار کرلیا گیا

بقیہ 24

پر خطاب کرتے ہوئے اسلام آباد آئی سینٹر کے سی ای او لیفٹیننٹ کرنل (ر) ڈاکٹر شہزاد سعید نے کہا کہ ڈاکٹرز کا شعبہ خدائی خدمتگاری کا شعبہ ہے اس لئے ہمیں چاہیے کہ ہر طرح کے مریضوں کو بلاتفریق ٹریٹ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت مند لوگوں کے کام آنا چاہیے۔ راولپنڈی وومین چیمبر آف کامرس کیساتھ اسلام آباد آئی سینٹر کا معاہدہ ایک خوش آئند امر ہے۔ اسلام آباد آئی سینٹر تمام سہولیات سے آراستہ ہے۔ ہسپتال میں مریضوں کو تمام باہمی سہولیات فراہم کررہے ہیں۔

بقیہ 25

ٹیکنالوجی اور عملے کی بڑے پیمانے پر گردش کو فروغ دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو بیجنگ میں تیسرے بیلٹ اینڈ روڈ فورم برائے بین الاقوامی تعاون کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ شی جن پنگ نے اس بات پر زور دیا کہ بیلٹ اینڈ روڈ کی مشترکہ تعمیر، مشترکہ ترقی اور جیت جیت پر مبنی تعاون کو فروغ دے رہی ہے۔ ہم نظریاتی محاذ آرائی، جغرافیائی سیاسی گیمز، بلاک سیاسی محاذ آرائی، یکطرفہ پابندیوں، معاشی جبر اور ڈی کپلنگ کا ہرگز حصہ نہیں ہیں۔ اپنے خطاب میں شی جن پنگ نے بیلٹ اینڈ روڈ کی اعلی معیار کی مشترکہ تعمیر کی حمایت کے لئے چین کے آٹھ اقدامات کا اعلان کیا۔ ان میں بیلٹ اینڈ روڈ کے لئے سہ جہتی رابطہ نیٹ ورک کی تعمیر، کھلے پن پر مبنی عالمی معیشت تشکیل دینے کی حمایت، عملی تعاون، ماحول دوست ترقی، سائنسی اور تکنیکی جدت طرازی، مختلف ممالک کے عوام کے درمیان روابط، بدعنوانی سے پاک راستہ اور بیلٹ اینڈ روڈ بین الاقوامی تعاون کے میکانزم کو بہتر بنانا شامل ہیں۔

بقیہ 26

کی۔ وزیراعلی محسن نقوی کی زیرصدارت اجلاس میں فیصل آباد، چنیوٹ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جھنگ کے ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز نے شرکت کی۔ دونوں ایسوسی ایشن کے وفود کا غیرمعمولی رفتار سے منصوبوں کی تکمیل پر وزیراعلی محسن نقوی کو خراج تحسین پیش کیا۔ عہدیداران نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلی محسن نقوی نے انتہائی کم وقت میں کئی برس کا کام کیا ہے اور اپنی محنت کی نئی مثال قائم کی ہے۔ اللہ تعالی آپ کو عوام کی خدمت کی مزید ہمت دے۔ ایسوسی ایشنز نے وزیراعلی محسن نقوی کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ وزیراعلی محسن نقوی نے مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ وزیراعلی محسن نقوی نے کہا کہ چھوٹے کاروباری افراد کے لیے کاروبار میں ہرممکن آسانی پیدا کریں گے۔ پاورلومز کے مسائل کے حل کیلئے وفاقی حکومت سے بھی رابطہ کیا جائے گا۔ وزیراعلی محسن نقوی کی ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز کو عوام کے مسائل کے حل اور دادرسی کی ہدایت کی۔ وزیراعلی محسن نقوی نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن کے کام کی نگرانی کریں اور مقرر کردہ مدت میں مکمل کرائیں۔ صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری، انسپکٹر جنرل پولیس، سیکرٹریز، کمشنر فیصل آباد، سی پی او، ڈپٹی کمشنرز اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 27

کی۔ کارپوریشن ذرائع کے مطابق یوٹیلیٹی اسٹورز پر اسٹاک ختم ہونے کے باعث چینی کا بحران ہے، اسٹورز کیلئے چینی کا 40 ہزار میٹرک ٹن چینی کا ٹینڈر کھولا گیا تھا جس پر 135 روپے 27 پیسے فی کلو کےحساب سے کم سے کم بولی ملی تھی۔

بقیہ 28

معصوم فلسطینیوں پر اسرائیلی فوج کی بمباری پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہسپتال پر اسرائیلی حملے میں پانچ سو سے زائد معصوم فلسطینی جانوں کی شہادت سے صدمے کا سامنا ہے۔ شہید ہونے والوں میں زیادہ تر بیمار بچے، خواتین اور بوڑھے تھے، اسرائیل کی نسل پرست ریاست بین الاقوامی قوانین کی پرواہ کیے بغیر فلسطینیوں کی بدترین نسل کشی کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگی جرائم کے ارتکاب کی حوصلہ افزائی کرنے والے بھی اس قتل عام میں برابر کے مجرم ہیں جنہیں تاریخ کبھی نہیں بھولے گی۔

بقیہ 29

اور انوسٹی گیشن ٹیم کو شواہد اکھٹے کرنے اور ملزم کو گرفتار کرنے کا حکم دے دیا۔ ڈی پی او نے فیکٹری انتظامیہ سے وقوعہ کی بابت دریافت کرکے معلومات حاصل کیں اور انوسٹی گیشن آفیسر کو ضروری کاروائی کا حکم دیا۔ اس موقع پر ڈی پی او مطیع اللہ خان کا کہنا تھا کہ وقوعہ میں ملوث ملزم جلد قانون کی گرفت میں ہوگا۔

بقیہ 30

جواد شاہ اور دیگر نے کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین آئیسکو انجینئر قمرالاسلام راجہ کا کہنا تھا کہ اس سے پہلے آئیسکو کی گاڑیوں کیلئے چند پیٹرول پمپ مختص تھے جہاں آنے جانے میں وقت کے ضیاع اور پیٹرول، ڈیزل پر اضافی خرچہ ہوتا تھا لیکن اب اس معاہدے کے باعث آئیسکو کی گاڑیاں کسی بھی نزدیکی پی ایس او پمپ سے پٹرول اور ڈیزل ڈلوا سکیں گی۔ اس کے ساتھ ساتھ کارڈ بننے کی وجہ سے روایتی طریقہ کار سے بلز کی ادائیگی سے بھی نجات کے ساتھ ساتھ وقت کی بچت کے باعث آئیسکو فیلڈ فارمیشنز کو صارفین کیلئے شکایات کے فوری ازالے کے ریسپانس ٹائم میں بھی کمی رونما ہو گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر محمد امجد خان کا اس موقع پر کہنا تھا کہ چیئرمین آئیسکو کی ذاتی کاوشوں کے نتیجے میں ہم اس معاہدے پر پہنچے ہیں جس کے باعث آئیسکو میں POL کی مد میں مزید شفافیت آئے گی اور ایندھن کے اخراجات میں مزید کمی ہوگی۔

بقیہ 31

کی جس پر چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب پر مشتمل بینچ نے سماعت کی۔ نواز شریف کے وکیل امجد پرویز ایڈووکیٹ نے کہا کہ نواز شریف عدالت کے سامنے سرنڈر کرنا چاہتے ہیں۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ پٹیشنر اشتہاری ہے؟ جس پر امجد پرویز ایڈووکیٹ نے اعلیٰ عدالتوں کے فیصلے بطور عدالتی نظیر پیش کرتے ہوئے کہا کہ جب کوئی قانون کے سامنے سرنڈر کرنا چاہے تو عدالت اسے موقع فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے چیئرمین پی ٹی آئی، عاصمہ ارباب اور ارباب عالمگیر سمیت مختلف کیسز کے حوالے دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں بھی ایسا ہوتا رہا ہےکہ اشتہاری ملزمان کو سرنڈر کرنے کیلئے حفاظتی ضمانت دی گئی۔ وکیل اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ نواز شریف کی سزا کیخلاف اپیلوں کا ریکارڈ اس عدالت کے پاس ہے اور وہ سرنڈر کرنا چاہتے ہیں۔ کمرہ عدالت میں موجود نیب پراسیکیوٹر افضل قریشی نے عدالتی استفسار پر بتایا کہ اگر کوئی بھی اشتہاری واپس آنا چاہتا ہے تو انہیں اس پر کوئی اعتراض نہیں۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگ زیب نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ کو حفاظتی ضمانت دینے پر کوئی اعتراض نہیں، کل کو آپ کہیں گے کہ فیصلہ ہی کالعدم قرار دے دیں پھر آپ چیئرمین نیب سے پوچھ لیں کہ آج ہی اپیل بھی ڈیسائیڈ کر دیتے ہیں۔ نیب پراسیکیوٹر نے جواب دیا کہ ابھی چیئرمین نیب بیرون ملک ہیں جب وہ اپیل فکس ہوگی تو اس وقت ہدایات لے کر دلائل دیں گے۔

بقیہ 32

میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ نگران وفاقی وزیر اطلاعات نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نگران حکومت کا بنیادی مینڈیٹ انتخابات کے لئے سازگار ماحول فراہم کرنا اور انتخابی عمل کی نگرانی کرنا ہے، پرامن انتقال اقتدار ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ نگران حکومت صاف، شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات کے انعقاد کو ممکن بنائے گی۔

بقیہ 33

ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق کارروائیاں لاہور، فیصل آباد، ننکانہ صاحب، رحیم یار خان، شیخوپورہ اور راولپنڈی میں کی گئیں، لاہور کے سرحدی گاں سے داعش کے 2 اہم کمانڈرز بھی گرفتار کیے گئے۔ ترجمان کے مطابق دہشت گردوں کے قبضے سے بارودی مواد، 12 ڈیٹونیٹرز، پرائما کارڈ، موبائل فون، اسلحہ اور نقدی برآمد کی گئی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں کی شناخت رف، زبیر، ضیا، وقار، امین، مسعود، سرفراز، حمید خان اور شاہد کے نام سے ہوئی ہے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کا کہنا ہے کہ دہشت گرد اہم تنصیبات پر حملے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے ، دہشت گردوں کے خلاف مقدمات درج کرکے مزید تفتیش جاری ہے۔ سی ٹی ڈی ترجمان کے مطابق رواں ہفتے 990 کومبنگ آپریشنز کے دوران 134 مشتبہ افراد گرفتار کیے گئے ہیں جبکہ کومبنگ آپریشنز میں 41411 افراد سے پوچھ گچھ کی گئی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ سی ٹی ڈی محفوظ پنجاب کے ہدف پر عمل پیرا ہے، دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 34

پی آر کے مطابق ویپن سسٹم لانچنگ کو چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا، اسٹریٹیجک پلانز ڈویژن، اسٹریٹیجک فورسز کمانڈ کے سینئر افسران، سائنسدانوں اور انجینئرز نے دیکھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اس تجربے کا مقصد مختلف ڈیزائن، تکنیکی پیرا میٹرز اور ہتھیاروں کے مختلف نظاموں کی کارکردگی کا جائزہ لینا تھا۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس جنرل ساحر شمشاد مرزا نے کامیاب تجربے میں تعاون پر تمام لوگوں کی تکنیکی صلاحیت، لگن اور عزم کو سراہا۔ علاوہ ازیں صدر، وزیراعظم پاکستان اور سروسز چیفس نے بھی اس کامیابی پر اسٹریٹیجک فورسز کے تمام ارکان کو مبارکباد دی۔

بقیہ 35

کمیٹی بنا دی۔ پارٹی قیادت نے فردوس عاشق اعوان، نعمان لنگڑیال اور عون چوہدری کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا۔ ذرائع کے مطابق عون چودھری اور فردوس عاشق اعوان وفاقی سطح پر پی ٹی آئی قائدین سے رابطے کریں گے۔ پنجاب سے پی ٹی آئی رہنماؤں کی آئی پی پی میں شمولیت کے لیے نعمان لنگڑیال کو ٹاسک دیا گیا ہے۔

بقیہ 36

کی جانب سے غزہ کے ہسپتال پر کیے گئے حملے سے متعلق جاری کی گئی ویڈیو کوری ٹوئٹ کرتے ہوئے ان سے مطالبہ کیا۔ ملالہ یوسف زئی نے 18 اکتوبر کو اپنی ٹوئٹ میں مختصر ویڈیو شیئر کی جس میں انہوں نے اسرائیل کی جانب سے غزہ کی الاہلی ہسپتال میں بمباری کی مذمت کرتے ہوئے جنگ بندی کا مطالبہ کیا۔ ملالہ یوسف زئی نے ویڈیو کو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں الاہلی ہسپتال پر بمباری کی مذمت کرتے ہوئے اسے خوفناک بھی قرار دیا۔ انہوں نے اپنی مختصر ویڈیو میں کہا کہ وہ فلسطین، اسرائیل اور دنیا بھر میں امن کے لیے آواز بلند کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا تھا کہ سب کو سزا دینا مسئلے کا حل نہیں ہے، غزہ میں نصف افراد کی عمر 18 سال سے کم ہے انہیں پوری زندگی بمباری اور ناجائز قبضے میں گزارنے پر مجبور نہ کیا جائے۔

بقیہ 37

، راولپنڈی سٹی سرکل (بمقام ویسٹریج مارکی، نزد ٹرانزٹ کیمپ، بکری چوک، راولپنڈی)، راولپنڈی کینٹ سرکل (بمقام آئیسکو چوا خالصہ سب ڈویژن)، اٹک سرکل (بمقام آئیسکو حسن ابدال سب ڈویژن)، جہلم سرکل (بمقام آئیسکو آپریشن کمپلیکس، منگلا روڈ دینہ) اور چکوال سرکل (بمقام اقبال مارکی، دولتالہ) کے ایس ایز صاحبان مورخہ 19 اکتوبر 2023 (بروز جمعرات) دن 10:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک کھلی کچہری لگائیں گے اور صارفین کے مسائل موقع پر حل کرنے کے لئے ضروری ہدایات جاری کریں گے۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان منعقد کی جانے والی کھلی کچہریوں کی براہ راست نگرانی کریں گے۔ آئیسکو ریجن کے صارفین بجلی سے متعلقہ مسائل کے حل / تجاویز کے اندراج کے لئے ان کھلی کچہریوں میں بھرپور شرکت کریں۔ مزید معلومات کے لئے دفتری اوقات کار کے دوران اسلام آباد سرکل کے فون نمبر 051-9260194، راولپنڈی سٹی سرکل فون نمبر 051-9292675، راولپنڈی کینٹ سرکل فون نمبر 051-9293048، اٹک سرکل فون نمبر 051-4950343، جہلم سرکل فون نمبر 0544-920276 اور چکوال سرکل فون نمبر 0543-668500 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 38

کرنے سے روک دیا۔ بدھ کو جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب اور جسٹس ثمن رفت امتیاز نے سماعت کی۔ درخواستگزار کے وکیل فیصل چوہدری عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل فیصل چوہدری نے کہا کہ ایک وقت میں کسی ملزم کے خلاف دو فورمز پر کارروائی نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سائل کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ وکیل نے کہا کہ اگر اسکی اجازت دی جائے تو حکومت مخالفین کو ایسے مقدمات میں الجھائے رکھے گی۔ وکیل نے کہا کہ درخوست گزار کے خلاف سیاسی بنیادوں پر مقدمات بنائے گئے ، سنگل بینچ نے سماعت میں اہم ترین نقاط کو مدنظر نہیں رکھا۔ عدالت نے الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری کرکے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 39

اقدام سے روکا اور بہادری اور دلیری سے گرفتاری دی تھی۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ ذاتی طور پر جانتی ہوں کہ حنیف عباسی کو کہا گیا تھا کہ نواز شریف کا ساتھ چھوڑ دو تو گھر جاسکتے ہیں لیکن حنیف عباسی کا جواب تھا کہ نواز شریف کا ساتھ چھوڑنے پر موت کو ترجیح دوں گا۔ انکی یہ بہادری اور نواز شریف سے وفاداری بھلائی نہیں جاسکتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حنیف عباسی کے اہل خانہ نے جبر کی تاریک رات کا صبر اور مثالی حوصلے سے سامنا کیا۔ انکے بیٹے کی نوکری تک چھین لی گئی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے ظلم اور سیاسی انتقام کے اس سیاہ دور سے نجات دی، الحمدللہ

بقیہ 40

کراچی سرکلر منصوبے کو مکمل کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ نگران وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکلر ریلوے کی اراضی کے مسائل تقریباً حل ہو چکے ہیں، کے سی آر پروجیکٹ کی ساورن گارنٹی کا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی سرکلر ریلوے کا روٹ تقریباً 43 کلو میٹر پر پھیلا ہوا ہے جو سٹی اسٹیشن، لانڈھی، ملیر، اورنگی اور ڈرگ روڈ سمیت کئی مقامات کو کور کرتا ہے۔ جسٹس (ر) مقبول باقر نے کہا کہ چین کی ریلوے کمپنی کراچی لوکل ٹرین سسٹم بنائے گی۔

بقیہ 41

کہ حنیف عباسی کے خلاف درج مقدمے کی انکوائری رولز کے مطابق نہیں ہوئی، حنیف عباسی کو ٹرائل کورٹ نے 25 سال قید کی سزا سنائی، جن افراد نے ایفی ڈرین کا کوٹہ دیا ان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ حنیف عباسی کے وکیل نے بتایا کہ ایفی ڈرین جتنی دی گئی ساری ادویات میں استعمال ہوئی اور ان ادویات کی مارکیٹ میں باقاعدہ فروخت بھی ہوئی جس کی رسیدیں موجود ہیں، ٹرائل کورٹ نے سزا دیتے وقت درست حالات کا جائزہ نہیں لیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے فیصلہ سناتے ہوئے ایفی ڈرین کیس سے حنیف عباسی کو بری کردیا۔ لیگی رہنما حنیف عباسی نے بریت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے مجھے سرخرو کیا، وکلا اور فیملی کا مشکور ہوں جو برے وقت میں میرے ساتھ کھڑی ہوئی، میاں محمد نواز شریف کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ 2012ء میں جب مقدمہ درج ہوا تو میاں نواز شریف نے اس وقت کہا تھا یہ مقدمہ جھوٹا ہے۔ شہباز شریف کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جب 25 سال قید کی سزا سنائی گئی اس وقت بھی کورٹ میں کھڑا رہا، گیارہ سال اس کیس میں پھرتا رہا اور گیارہ ماہ کی قید کاٹی ، مجھے دو الیکشن سے باہر رکھا گیا، میری بیٹی کو نوکری سے نکال دیا گیا ، میرے چھوٹے بھائی کو چودہ دن غیر قانونی حراست میں رکھا گیا۔

بقیہ 42

کے عرصے کے دوران کامیابی سے 6,450 ملین روپے بطور بعد از ٹیکس منافع کمایا ہے جو گزشتہ سال کے مقابلے میں، اسی عرصے کے دوران 2,864 ملین روپے بطور بعدازٹیکس منافع کمایا تھا۔ مؤرخہ 30 ستمبر، 2023ء کو ختم ہونے والی سہ ماہی اور نوماہی کے لیے عبوری نقد منافع کا اعلان کیا ہے۔ یہ نتائج شیل انٹرنیشنل پیٹرولیم کمپنی کی جانب سے موصول ہونے والی، ایک مرتبہ کے لیے، ٹیکنیکل سروس فیس میں ریلیف کے اثرات کو بھی ظاہر کرتے ہیں۔ کمپنی، ہمیشہ کی طرح، اپنی کاروباری کارکردگی، لوگوں کی حفاظت اور ماحول کے تحفظ پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (OGRA) نے دو اور تین پہیوں والی سواریوں میں ایندھن بھرنے کے دوران تحفظ کو فروغ دینے کے لیے صنعت کی کوششوں کو تسلیم کیا ہے۔ یہ اقدام شیل پاکستان کی جانب سے شروع کیا گیا تھا۔ کمپنی نے وائس آف کسٹمر پروگرام بھی متعارف کرایا جس کے ذریعے صارفین کو موقع پر موجود QR کوڈز کے ذریعے فیڈ بیک فی الفور فراہم کر سکتے ہیں۔ اب تک، 30,000 سے زائد رسپانسز موصول ہو چکے ہیں جس شیل پاکستان کو مسلسل ترقی کے لیے اہم انسائٹس فراہم کرتے ہیں۔ مزید برآں، کمپنی نے پلاسٹک کے دوبارہ استعمال کے لیے 2 ماحول دوست اور پائیدار سولوشنز شروع کیے۔ ان سولوشنز میں سے ایک سولوشن کے طور پر لیوبریکنٹس کی استعمال شدہ بوتلوں کو دوبارہ قابل استعمال بنا کر ، 730 فٹ طویل اور 60 فٹ چوڑی، ایک پلاسٹک انفیوزڈ سڑک تعمیر کی گئی۔ شیل ہاؤس بھی اسی سڑک پر واقع ہے۔ اس بامقصد سولوشن کی بنیاد اس مقصد کے ساتھ رکھی گئی کہ اطراف کے مکین، اسکولز، چرچ کمیونٹی اور شیل اس سے استفادہ حاصل کریں جسے میڈیا نے بھی بڑے پیمانے پر کوریج کی۔ دوسرا اقدام شیل تعمیر کے سابق طالب علم، کنسپٹ لوپ (Concept Loop) کے ساتھ تعاون ہے جو پلاسٹک کے فضلے کو تعمیراتی مواد میں تبدیل کرنے والی ٹیکنالوجی پر مبنی اسٹارٹ اپ ہے جس نے کراچی میں شیل کی ریٹیل سائٹ پر پیورس (pavers) فراہم کی تھی۔ اس کامیاب اقدام کو منصوبہ بندی کے ساتھ دیگر ریٹیل سائٹس پر بھی تعمیر کے علاوہ تزئین وآرائش کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ علاوہ ازیں، شیل پاکستان لمیٹڈ نے مقامی کسانوں کے ساتھ نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (NRSP) کے ساتھ مل کر کام کیا تاکہ زرعی فضلہ کو قیمتی بائیو چار (biochar) میں تبدیل کیا جا سکے جو ممکنہ طور پر مٹی کی زرخیزی میں اضافہ کر سکتا ہے۔ اس پراجیکٹ کی مدد سے مٹی کی خصوصیات میں خاطر خواہ بہتری دیکھنے میں آئی جس بعد زمین کی پیداوار میں نمایاں طور پر 50 فیصد اضافہ ہوا۔ اس سے ظاہر ہوا کہ بائیو چار ٹیکنالوجی زرعی فضلہ جلانے سے خارج ہونے والے ماحول دشمن اثرات کو کم کرنے کا ذریعہ ہے۔ شیل پاکستان لمیٹڈ اپنی مالی صورت حال کو مزید مستحکم بنانے اور معاشرے میں ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کے لیے آپریشنل عمدگی اور حفاظتی کارکردگی کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 43

گرفتار کرلیے گئے۔ ترجمان کے مطابق پاکستان انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل کراچی پر کاروائی کے دوران مالدیپ کے لئے بک کئے گئے کنٹینر سے 12 کلو ہیروئن برآمد ہوئی ، برآمدہ ہیروئن کو نمک کے پیکٹوں میں چھپا کر سمگل کیا جا رہا تھا۔ دوران کاروائی کراچی کے رہائشی ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ کوئٹہ سے سکھر منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی گئی۔ کوئٹہ کے علاقے یارو کے قریب دو گاڑیوں سے 450 کلو چرس برآمد ہوئی، برآمدہ چرس گاڑی کے دروازوں، بمپرز، پچھلی سیٹ اور فرش میں چھپا کر سمگل کی جارہی تھی۔

بقیہ 44

کا ریکارڈ طلب کرلیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں دورکنی بنچ نے جناح ہاؤس اور عسکری ٹاور حملہ کیس میں خدیجہ شاہ سمیت 6 ملزمان کی ضمانتوں پر محفوظ فیصلہ سنایا۔ ضمانتیں منظور ہونے والے دیگر ملزمان میں عثمان شریف، محمد شہباز، سلیمان قادری، فیض احمد اور ارباز خان شامل ہیں۔ یاد رہے کہ خدیجہ شاہ و دیگر ملزمان نے جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ اور عسکری ٹاور کے مقدمے میں ضمانت کیلئے درخواستیں دائر کی تھیں۔ علاوہ ازیں لاہور کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے عسکری ٹاور جلاؤ گھیراؤ کیس میں پی ٹی آئی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت 22 ملزمان کیمقدمے کا ریکارڈ طلب کرلیا۔ انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج ارشد جاوید نے ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت 22 ملزمان کی ضمانتوں کی درخواستوں پر سماعت کی۔

بقیہ 45

بہاولپور میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کمپریسر کے استعمال پر 5، گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 کنکشن منقطع کیے جبکہ 9 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے۔ گیس چوری اور انڈر بلنگ کی مد میں 0.08 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے غیر قانونی استعمال پر 4 گیس کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے اور 5 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے ، گیس چوری کی مد میں 20 ہزار روپے جبکہ انڈر بلنگ کی مد میں 5 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ شیخوپورہ میں ریجنل ٹیم نے غیر قانونی استعمال پر 7 گیس کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 4 کنکشن منقطع کیے اور 34 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے ، گیس چوری کی مد میں 2 ہزار روپے جبکہ انڈر بلنگ کی مد میں 20 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے۔ راولپنڈی اور اسلام آباد میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 47 کنکشن منقطع جبکہ 33 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے۔ مردان میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 کنکشن منقطع جبکہ گیس چوری کی مد میں 50 ہزار روپے کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ پشاور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 41 کنکشن منقطع جبکہ گیس چوری کی مد میں 10 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 2 میٹر غیر قانونی استعمال پر اور کمپریسر کے استعمال پر 1 میٹرز منقطع جبکہ 44 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے۔ گیس چوری اور انڈر بلنگ کی مد میں 0.09 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے۔ گیس کے غیر قانونی استعمال پر گجرات میں کارروائیوں کے دوران 1 کنکشن منقطع۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران 101 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے جبکہ گیس چوری اور انڈر بلنگ کی مد میں 0.09 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے۔

بقیہ 46

آبادیوں اور صحت کی سہولیات کو بلا امتیاز نشانہ بنا رہا ہے۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے غزہ میں ہسپتال پر اسرائیلی حملے کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت سینکڑوں افراد کے جاں بحق ہونے پر اظہار مذمت کیا ہے۔ صدر مملکت نے اسرائیلی فضائی حملے کے نتیجے میں معصوم جانوں کے المناک نقصان پر اپنے گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ اسرائیل نے ایک ہسپتال پر حملہ کر کے تمام بین الاقوامی اور اخلاقی اصولوں کو پامال کیا۔ صدر مملکتنے اسرائیل کی طرف سے سنگین جنگی جرائم کے ارتکاب پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل شہری آبادیوں اور صحت کی سہولیات کو بلاامتیاز نشانہ بنا رہا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ عالمی برادری اسرائیل کو اس کے جنگی جرائم پر جوابدہ ٹھہرائے اور اسرائیلی بمباری اور غزہ کے جاری محاصرے کو فوری طور پر روکنے کے لیے فوری اقدامات کرے۔

بقیہ 47

معززین شرکت کررہے ہیں، کے تناظر میں فضائی افواج کی آپریشنل تربیت کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں سربراہان نے دوطرفہ تعاون، ڈرونز اور جدید عسکری آلات کی مشترکہ پیداوار میں تعاون کے فروغ کے لیئے نئی راہیں استوار کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ معزز مہمان کی آمد پر پاک فضائیہ کے ایک چاق و چوبند دستے نے جنرل ضیاء کمال کادیواوغلو کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔ بعد ازاں انکا پاک فضائیہ کے پرنسپل اسٹاف آفیسرز سے تعارف بھی کروایا گیا۔ ملاقات کے دوران، ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے معزز مہمان کو پاک فضائیہ کو جدت سے ہمکنار کرنے کے لیئے جاری حکمت عملیوں اور فریم ورک سے آگاہ کیا، جس میں اتحادی ممالک سے جدید تکنیکی آلات کی انڈکشن، اہم انفراسٹرکچر کو تقویت دینا اور تربیتی شعبے کی ایک جامع تنظیم نو شامل ہے، تاکہ عصر حاضر کے فضائی جنگی چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے۔ ائیر چیف نے اس امر پر بھی روشنی ڈالی کہ دونوں برادر ممالک کے درمیان دیرینہ مذہبی اور تاریخی روابط استوار ہیں جو بے مثال تزویراتی شراکت داری کا مظہر ہیں۔ فضائی مشق انڈس شیلڈ میں ترک فضائیہ کی شرکت کو سراہتے ہوئے ائیر چیف نے دونوں فضائی افواج کے مابین تعاون، تزویراتی اتحاد اور تربیتی شعبے میں پہلے سے موجود دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ائیر چیف نے مزید کہا کہ پاک فضائیہ کے پائلٹس، ترک فضائیہ کو بنیادی اور ٹیکنیکل تربیت کی فراہمی میں فعال کردار ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے ترک فضائیہ کی تربیت اور انکی آپریشنل صلاحیتوں کو مزید تقویت دینے کے پاک فضائیہ کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ ترک فضائیہ کے کمانڈر جنرل ضیاء کمال کادیواوغلو نے پاکستان کے اپنے پہلے دورے کے دوران، پاک فضائیہ کی پیشہ وارانہ مہارت کو سراہتے ہوئے ، ہوا بازی کی صنعت میں اسکی بڑھتی ہوئی خودانحصاری کا اعتراف کیا۔ انہوں نے نیشنل ایرواسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور اس منصوبے کی بے مثال کامیابی پر سربراہ پاک فضائیہ کے غیر متزلزل عزم کی بھی تعریف کی۔ معزز مہمان کا مزید کہنا تھا کہ پاک فضائیہ کے زیراہتمام مشق انڈس شیلڈ کا انعقاد دونوں ممالک کے مابین بھائی چارے کی فضا قائم کرنے ، پاک-ترک عسکری تعلقات کے استحکام اور حصہ لینے والی فضائی افواج کی آپریشنل تیاریوں کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہوگا۔ دورے کے دوران ترک فضائیہ کے کمانڈر نے ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں قائم مختلف تنصیبات اور تکنیکی انفراسٹرکچر کا بھی معائنہ کیا جن میں پاک فضائیہ کے نیشنل آئی ایس آر اینڈ انٹیگریٹڈ ایئر آپریشنز سینٹر اور سائبر کمانڈ شامل ہیں۔ جنرل ضیاء کمال کادیواوغلو نے نیشنل ایرواسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کا بھی دورہ کیا جو پاکستان کی ترقی کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے۔ یہ منصوبہ ملک کی ایرواسپیس انڈسٹری کی تشکیل، اسٹریٹجک شراکت داری کے فروغ اور پاکستان کی اقتصادی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرے

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 19 اور 20 اکتوبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پردرج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 19 اکتوبر 2023 صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، اپر ٹوپہ، پتریاٹہ، ٹی ڈی سی پی فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، فاروق اعظم روڈ فیڈر، راولپنڈی کینٹ سرکل، آئی ایس ٹی، نیو روات، کوہالہ، مورت فیڈرز، اٹک سرکل، پور میانہ، راشد منہاس، شاہیہ، گڑھی افغانہ، بہلوٹ، دھریک، غورغشتی، بارہ زئی، مسکین آباد، شاہ دیر، ریڈیو پاک۔ I & II، لارن پور، قاضی آباد، جی بی ایچ پی کالونی فیڈرز، چکوال سرکل، مدینہ ٹاؤن، سی ایس شاہ، ڈنڈوت، خیر پور، بلکر کہار، آدی، فیڈرز، جہلم سرکل، سرائے عالمگیر، بکرالہ ، کرنل اکرم، ریاض شہید، کھوکھراں، چہالہ، ممتاز شہید، ایم ریاض شہید، روہتاس فیڈرز، مورخہ 20 اکتوبر 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، جہلم سرکل، شکریلہ، منڈی بھلوال، ملٹری کالج فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

گا۔ ترک فضائیہ کے کمانڈر کا دورہ پاکستان دونوں ممالک کی فضائی افواج کے مابین تعاون، مضبوط عسکری روابط کے فروغ اور دوطرفہ تزویراتی شراکت داری کو تقویت دینے کے پختہ عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ 48

ہے۔ بدھ کو ایک ٹوئٹ میں انہوں نے کہا کہ یہ حملہ بین الاقوامی انسانی قانون کی خلاف ورزی ہے، جس میں معصوم بچوں، خواتین، ڈاکٹروں، طبی عملے اور پناہ کے متلاشی بے گھر شہریوں کو نشانہ بنایا گیا ہے، یہ امر قابل ذکر ہے کہ وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی او آئی سی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے غیر معمولی اجلاس میں شرکت کے لیے سعودی عرب کے شہر جدہ میں ہیں جس کا مقصد غزہ کے بحران اور وہاں کے محصور شہریوں کی انسانی صورتحال کا جائزہ لینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اجلاس پاکستان اور سعودی عرب نے مشترکہ طور پر بلایا ہے۔ قبل ازیں وزیر خارجہ نے او آئی سی ممالک کے اپنے ہم منصبوں جس میں مصر، ایران، ترکیہ اور متحدہ عرب امارات کے وزرائے خارجہ شامل ہیں، سے ٹیلی فون پر بات چیت کی تھی۔

بقیہ 49

تھی اکتوبر 1990 میں 120 ملی میٹر بارش ہوئی ، رواں سال اکتوبر میں ہی اب تک 140 ملی میٹر بارش ہوئی۔ جس کی ایک وجہ ماحولیاتی تبدیلیاں ہیں۔

بقیہ 50

نگران وزیراعظم نے کہا کہ اسرائیل کو اس کے جنگی جرائم کے لیے جوابدہ ہونا چاہیے کیونکہ اس نے غزہ پر اپنی بے دریغ بمباری اور محاصرہ جاری رکھا ہوا ہے جس کے نتیجے میں ہلاکتیں، تباہی اور نقل مکانی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی قبضے کے حامیوں کو اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہے جو غزہ کے لوگوں کے خلاف دہشت گردی کی مہم چلانے میں اسرائیلی حکام کو استثنا فراہم کرتی ہیں۔ نگران وزیر اعظم نیغزہ کے الاہلی المعمدانی ہسپتال پر اسرائیلی حملے کی شدید مذمت کی جس میں بڑی تعداد میں شہریوں کی اموات ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں کو نشانہ بنانا غیر انسانی فعل ہے۔ بین الاقوامی قانون ہسپتالوں اور طبی عملے کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔ نگران وزیر اعظم نے کہا کہ ہم اس بلاامتیاز قتل عام کے خاتمے کا مطالبہ کرتے ہیں اور عالمی برادری پر زور دیتے ہیں کہ وہ تشدد کو روکنے کے لیے تیزی سے کام کرے اور ذمہ داروں کا احتساب کرے۔

بقیہ 51

صنعتی مستقبل کے ویژن سے متعلق آراکا اظہار کیا۔ یہ کانفرنس UNCTAD کے پاکستان پروجیکٹ کے آغاز کی نشان دہی کرتی ہے جو ایشیائی بیلٹ اینڈ روڈ ممالک میں لچکدار، سبز اور تبدیلی کی ترقی کے ایک بڑے منصوبے کا حصہ ہے۔ تقریب نے گرین انڈسٹریلائزیشن ڈویلپمنٹ کلیکٹو (GIDC) کا آغاز کیا، جو ایک مضبوط فورم ہے جو صنعت، تعلیمی، حکومت اور ترقیاتی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز کو متحد کرتا ہے۔ GIDC کا مقصد پاکستان میں سبز صنعت کاری کی جانب قابل عمل پیش رفت ہے۔ سوشل پروٹیکشن ریسورس سینٹر کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر صفدر سہیل نے کہا، "GIDC کا آغاز پاکستان کے سبز صنعت کاری کے سفر میں ایک اہم اقدام ہے۔ یہ متعدد شعبوں کی مہارت اور عزم کو یکجا کرتا ہے ، جو پائیدار تبدیلی کے لیے ایک مضبوط راہ ہموار کرتا ہے۔ ڈاکٹر رچرڈ کوزول رائٹ ، ڈائریکٹر UNCTAD، جنیوا نے کہا کہ پاکستان میں سبز صنعت کاری کے لیے مالیات ایک اہم رکاوٹ ہے۔ پاکستان میں گرین ٹرانزیشن کے چیلنجز اور مواقع سے متعلق ہیں جو بین الاقوامی موسمیاتی فنانس سے بہتر فائدہ اٹھاتے ہیں، اور پاکستان میں سبز صنعت کاری کی باریکیوں کو دیکھتے ہیں جیسا کہ پاکستان میں گرین انڈسٹریلائزیشن کانفرنس آگے بڑھ رہی ہے ، امید ہے کہ ان اجلاسوں سے حاصل ہونے والی بصیرتیں اور سفارشات، گرین انڈسٹریلائزیشن ڈویلپمنٹ کلیکٹو (GIDC) کے متحرک آغاز کے ساتھ پاکستان کے لیے ماحولیاتی طور پر باشعور صنعتی مستقبل تبدیلی اور ترقی کے لیے ایک تیر بہدف کے طور پر کام کریں گی۔ اس موقع پر ڈاکٹر صفدر سہیل، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، سوشل پروٹیکشن ریسورس سینٹر، ڈاکٹر رچرڈ کوزول رائٹ، ڈائریکٹر UNCTAD، جنیوا، ڈاکٹر گل اونال، سینئر ماہر اقتصادیات UNCTAD، سوئٹزرلینڈ، سید حیدر شاہ، ایڈیشنل سیکرٹری اقوام متحدہ MOFA، حکومت پاکستان، بلال انور، سی ای او، نیشنل ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ فنڈ، عباس رضا شاہ، EDB کے CEO، MOIP، حکومت پاکستان، ڈاکٹر امان اللہ خان، جوائنٹ چیف اکانومسٹ PND، حکومت پنجاب، ڈاکٹر حسن سید، ایسوسی ایٹ پروفیسر، LUMS کے شعبہ اقتصادیات، محمد سجاد مغل، سی ای او، کلاسیکل انٹرنیشنل ٹریڈنگ، احمد عمار یاسر، چیف آف پارٹی UNIDO، عمر مسعود، سی ای او اربن یونٹ، حکومت پنجاب، ڈاکٹر ندیم جاوید، پروفیسر آف اکنامکس اینڈ اسٹریٹجی، KSBL، محسن چاندنا، ڈی جی ڈیبیٹ، وزارت خزانہ، حکومت پاکستان، خالد محمود، ای ڈی، ماسٹر ٹیکسٹائل، عابد رضا خان، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ بزنس اینڈ اکنامکس، پنجاب یونیورسٹی، لاہور بھی موجود تھے۔

بقیہ 52

انہوں نے 5 ارب ڈالر کی امریکی پیشکش ٹھکرادی تھی، نواز شریف نے پاکستان کو پہلے بھی بحرانوں سے نکالا، 21 اکتوبر کو نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کو واپس 2017 والے ٹریک پر لے کر جائیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ جنوبی پنجاب میں ہر سطح پر مسلم لیگ (ن) موجود ہے، مریم نواز نے پارٹی کے ورکرز کو بہت متحرک کیا ہے، اٹک سے لے کر راجن پور تک ہمارے عہدیدار اور کارکن موجود ہیں۔ رانا ثنا نے کہا کہ نواز شریف نے پاکستان کو پہلے بھی بحرانوں سے نکالا، 21 اکتوبر کو نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کو واپس 2017 والے ٹریک پر لے کر جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں عام آدمی کی زندگی بہت مشکلات میں ہے۔ رہنما مسلم لیگ (ن) نے کہا کہ بھارت کے ایٹمی دھماکوں کے بعد پاکستانی قوم پریشان تھی، نواز شریف نے ایٹمی دھماکے کرکے یہ خوف ختم کیا، ملک میں 20،20 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ نواز شریف نے ختم کی، ملک میں دہشتگردی تھی، اغوا برائے تاوان تھا، ن لیگ نے خود کو پیش کیا۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ نواز شریف نے کہا میری جماعت پر اعتماد کریں، لوڈشیڈنگ سے نجات دلاؤں گا، 12 سال بعد بھی نواز شریف نے ہی ملک کو سنبھالا۔

بقیہ 53

کانفرنس امن، بقائے باہمی اور نفرت کا باعث بننے والی تقاریر کے سدباب کے حوالے سے انتہائی موثر فورم ثابت ہوگا۔ نگران وفاقی وزیر برائے مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی انیق احمد نے کانفرنس کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی اور کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کانفرنس کا موضوع انتہائی اہمیت کا حامل ہے، یہ بات انتہائی اہم ہے کہ ہم اس دور میں امت مسلمہ کو درپیش منفرد اور کثیر جہتی چیلنجوں اور ادراک کریں کیونکہ تیسری صدی میں ہمارے جینے، بات چیت کرنے اور اپنے عقائد کے مطابق زندگیاں گزارنے کے طریقوں میں بہت بڑی تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں۔ فتویٰ مسلمانوں کے لیے عقیدے، عمل اور روزمرہ کی زندگی کے معاملات سمیت مختلف معاملات میں رہنمائی کا کام کرتا ہے۔ انہوں نے قرآن حکیم کی آیت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ زندگی کی پیچیدگیاں سامنے آجائیں تو اہل علم سے رجوع کیا جائے۔

بقیہ 54

ایک دوسرے سے الگ ہوگئی تھی جبکہ امراض قلب سے ایک سال میں 20.6 ملین اموات ہوتی ہیں، اس وقت پوری دنیا میں 535 ملین افراد امراض قلب کا شکار ہیں اور اگر اس مرض پر بروقت اقدامات کے ذریعے قابو نہ پایا گیا تو 2030ء تک اموات کی تعداد 23 ملین تک پہنچ جائے گی، پاکستان میں ہر 2 منٹ میں دل کے امراض سے ایک شخص کی موت ہورہی ہے، روزانہ 800 افراد، ماہانہ 22000 افراد جبکہ سالانہ 292800 افراد امراض قلب کی وجہ سے موت کا شکار ہورہے ہیں، دل کے امراض میں مبتلا 75 فیصد افراد کا تعلق غریب اور ترقی پذیر ممالک سے ہے۔

بقیہ 55

تنظیم پر چینی قیادت کو مبارکباد دی۔ نگران وزیر اعظم نے بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو پر صدر شی کے وژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ سی پیک بی آر آئی کا فلیگ شپ منصوبہ ہے، چین پاکستان اقتصادی راہداری کی 10 ویں سالگرہ منا رہے ہیں، چین کے ترقیاتی ماڈلز سے بے حد متاثر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کو ماحولیاتی تبدیلی ،غذائی تحفظ اور وہاں کے چیلنج درپیش ہیں، مشترکہ ترقی اور خوشحالی کے منصوبوں میں ہی انسانیت کی فلاح ہے۔ 2013 میں پاکستان میں بی آر آئی کے فلیگ شپ منصوبے سی پیک کا آغاز ہوا، سی پیک کے تحت 25 ارب ڈالر کے 50 منصوبے مکمل ہوچکے ہیں۔ انوارالحق کاکڑ نے کہا کہ سی پیک کے ذریعے پاکستان میں 8 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا ہورہی ہے، 10 ہزار میگاواٹ کے منصوبے زیر تکمیل ہیں، گوادر میں جلد بین الاقوامی ایئر پورٹ فعال ہوجائے گا، مربوط مواصلاتی روابط کے ذریعے زراعت اور صنعت ترقی کرے گی۔ کروڑوں لوگوں کو غربت سے نکالنے پر چینی قیادت خراج تحسین کی مستحق ہے، پاکستان سی پیک میں دیگر ملکوں اور شراکت داروں کا خیر مقدم کریگا۔ نگران وزیر اعظم نے ترقی پذیر ممالک میں بنیادی ڈھانچے کے خلا کو دور کرنے کی فوری ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 56

کہنا ہے کہ نواز شریف کا ہیلی کاپٹر شاہی قلعہ دیوان عام کے سامنے گراؤنڈ میں لینڈ کرے گا، شاہی قلعہ دیوان عام کی گراؤنڈ سے نواز شریف کو مینار پاکستان تک گاڑی میں بٹھا کر لایا جائے گا، میاں نواز شریف شاہی قلعہ اور گردوارہ کے درمیان سڑک کے راستے جلسہ گاہ پہنچیں گے۔ 21 اکتوبر کو شاہی قلعہ عام عوام کے لیے بند رکھنے پر بھی غور کیا جارہا ہے جبکہ شاہی قلعہ اور گردوارہ آنے جانے والا راستہ بھی 21 اکتوبر کو عام عوام کے لیے بند رکھا جائے گا۔

بقیہ 57

کی بیٹوں کے ساتھ ٹیلی فونک گفتگو کروانے کی درخواست پر سماعت ہوئی، جس میں عمران خان کے وکیل شیراز احمد رانجھا اسپیشل سیکرٹ ایکٹ عدالت اسلام آباد کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین کے روبرو پیش ہوئے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ ابھی تک اڈیالہ جیل سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے ٹیلیفونک گفتگو کے حوالے سے ایس او پیز نہیں آئیں، آجائیں تو دیکھ لیتے ہیں۔ جس پر وکیل نے جواب دیا کہ آج بھی ایس او پیز نہیں آئیں۔ آپ کہیں تو میں عدالت کی معاونت کر دیتا ہوں۔ وکیل نے عدالت سے درخواست کی کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو جیل میں ورزش کے لیے سائیکل مہیا کرنا چاہتے ہیں، جس پر جج نے کہا کہ سائیکل کے حوالے سے تو میں پہلے ہی جیل حکام کو کہہ چکا ہوں۔ وکیل نے بتایا کہ اگر عدالت اجازت دے تو سائیکل آج ہی مہیا کر دیتا ہوں۔ جج نے ریمارکس دیے کہ میں چاہتا ہوں کہ سائیکل کا غلط استعمال نہ ہو۔ ایسا نہ ہو کہ سائیکل جیل سپرنٹنڈنٹ چلاتا رہے۔

بقیہ 58

مشتمل ہائی کورٹ کا دورکنی بنچ نواز شریف کی حفاظتی ضمانت کی درخواست پر سماعت کررہا ہے۔ وکیل امجد پرویز ایڈووکیٹ نے دلائل دیے کہ جب کوئی عدالت کے سامنے سرینڈر کرنا چاہتا ہے تو عدالت اسے موقع فراہم کرتی ہے، ماضی میں بھی ایسا ہوتا رہا ہے کہ اشتہاری ملزمان کو سرینڈر کرنے کے لیے حفاظتی ضمانت دی گئی، امجد پرویز ایڈووکیٹ نے کہا کہ نواز شریف نے ضمانت کا کبھی غلط استعمال نہیں کیا، جب سزا سنائی گئی تب نواز شریف بیرون ملک تھے۔ نیب پراسیکیوٹر نے عدالت کو بتایا کہ میں اس کیس کا پراسیکیوٹر ہوں، میں نے انکے دلائل سنے ہیں اگر کوئی ملزم آنا چاہتا ہے تو ہمیں اعتراض نہیں۔ نیب پراسیکیوٹر کے بیان پر جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے ریمارکس دیے کہ آپ کو حفاظتی ضمانت دینے پر کوئی اعتراض نہیں، کل کو آپ کہیں گے کہ فیصلہ ہی کالعدم قرار دے دیں ، پھر آپ چیئرمین نیب سے پوچھ لیں کہ آج ہی اپیل بھی decide کردیتے ہیں۔ نیب پراسیکیوٹر نے کہا کہ وہ جب اپیل فکس ہوگی تو اس وقت ہدایات لے کر دلائل دیں گے۔ ہائی کورٹ نے نوٹس جاری کرتے ہوئے کل تک جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 59

بتدریج بڑھتے ہوئے 3 روپے 87 پیسے کے اضافے سے 280 روپے 90 پیسے پر آ گئی۔ اسی طرح اوپن مارکیٹ میں بھی بدھ کے روز ڈالر یک دم 3 روپے کے اضافے کے ساتھ 280 روپے کی سطح پر پہنچ گیا۔

پیٹرولیم مصنوعات میں کمی کا فائدہ عوام تک پہنچایا جائے

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کامراد حسین نیکوکارہ کا تحصیل آفس میں ہنگامی اجلاس انچارج ٹریفک وارڈنز اوراڈوں کے منشیوں کی شرکت

لوکل روٹس پر چلنے والی ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کرائے نامے کے بینرز تمام اڈوں میں آویزاں کرنے کے احکامات

گوجرخان (قمر شہزاد) گورنمنٹ آف پنجاب کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے پیٹرولیم مصنوعات میں کمی ہونے اور اسکا براہ راست فائدہ عوام تک پہنچانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ نے لوکل روٹس پر چلنے والی ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 20 سے 30٪ کمی کرنے اور اس پر عملدرآمد کروانے کے لیے تحصیل آفس میں ایک ہنگامی اجلاس منعقد کیا جس میں انچارج ٹریفک وارڈنز انسپکٹر شاہد عمران اور لوکل ٹرانسپورٹ کے اڈوں کے منشیوں اور ڈرائیورز نے شرکت کی کرائے نامے کے بینرز تمام اڈوں میں نمایاں جگہ آویزاں کرنے کے احکامات کونتریلہ روٹ کا کرایہ 30روپے کم کر دیا گیا ڈی ایس پی ٹریفک (بقیہ نمبر 1)

پی ایس او پمپ بیول کے پیمانے اور ریٹس کی چیکنگ

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کا بیول کا ہنگامی وزٹ پٹرول پمپ اور مارٹس کو چیک کیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر میاں مراد حسین نیکوکارہ نے کمشنر راولپنڈی کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے بیول، کا ہنگامی وزٹ کیا اس وزٹ میں انھوں نے پی ایس او پٹرول پمپ اور بیول کے مارٹس کریانہ و چکن شاپس کو چیک کیا گراں فروشی کے مرتکب متعدد دکانداروں کو جرمانے عائد پٹرول پمپ کے (بقیہ نمبر 2)

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کر رہے ہیں

بھانجے کو قتل اور بہن کو زخمی کرنیوالا ملزم گرفتار

گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائیگا، ایس پی صدر نبیل کھوکھر

راولپنڈی (این این آئی) گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 3/ 4 سالہ سگے بھانجے کو قتل اور بہن کو زخمی کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 4/3 سالہ سگے بھانجے کو قتل اور بہن (بقیہ نمبر 5)

ڈکیت اسد اللہ گینگ کا سرغنہ 2 ساتھیوں سمیت گرفتار

مسروقہ رقم 78ہزار روپے، 3 موٹر سائیکل، 10 موبائل فون اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیت اسد اللہ گینگ کے سرغنہ کو 2 ساتھیوں سمیت گرفتار کرکے مسروقہ رقم 78ہزار روپے، 3 موٹر سائیکل، 10 موبائل فون اور اسلحہ برآمد کرلیا۔تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیت اسد اللہ گینگ کے سرغنہ کو 2 ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا،(بقیہ نمبر 6)

خاور مانیکا کی درخواست ضمانت بعدازگرفتاری پرفریقین کونوٹس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے خاور مانیکا کی درخواست ضمانت بعدازگرفتاری پر فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس علی باقر نجفی نے خاور مانیکا کی درخواست ضمانت بعد از گرفتاری پر سماعت کی۔اینٹی کرپشن کے مقدمے میں خاور مانیکا نے درخواست ضمانت دائر کی ہے، خاور مانیکا پر قبرستان کی زمین پر قبضہ کرنے کا الزام ہے۔عدالت (بقیہ نمبر 3)

امریکا اسرائیل گٹھ جوڑ؛ جوبائیڈن نے اسپتال حملے میں اسرائیل کو کلین چٹ دیدی

نئی دہلی (پیپانیوز) غزہ کے ایک اسپتال میں حملے میں 500 فلسطینیوں کی شہادتوں کے اگلے ہی روز امریکی صدر جو بائیڈن صیہونی ریاست کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے اسرائیل پہنچ گئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر جو بائیڈن اسرائیل کے دورے پر پہنچ گئے جہاں وزیراعظم (بقیہ نمبر 4)

چینی کمپنی اور پاکستان ریفائنری کے مابین ڈیڑھ ارب ڈالر کا ایم او یو سائن

بیجنگ (پیپانیوز) چینی کمپنی اور پاکستان ریفائنری کے درمیان ڈیڑھ ارب ڈالر سرمایہ کاری کے ایم او یو پر دستخط ہوگئے، پاکستان ریفائنری کی پیٹرول کی پیداوار ڈھائی لاکھ سے بڑھ کر 16 لاکھ میٹرک ٹن اور ڈیزل کی پیداوار 6 لاکھ سے 20 لاکھ میٹرک ٹن ہوجائے گی۔نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی پاکستان اور چینی کمپنی کے مابین پیٹرولیم کی(بقیہ نمبر 7)

گورنر پنجاب وچانسلر پنجاب یونیورسٹی بلیغ الرحمن کو وائس چانسلر ڈاکٹر خالد محمود وزیراعظم یوتھ پروگرام سکیم کے تحت لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب میں سووینئر پیش کر رہے ہیں

نوجوان ملک کو نالج اکانومی بنانے میں کردار ادا کریں، بلیغ الرحمن

پاکستان کا سب سے بڑا سرمایہ ہمارے نوجوان ہے، جن پر سرمایہ کاری سب سے بہترین سرمایہ کاری ہے، گورنر پنجاب

پنجاب یونیورسٹی میں وزیراعظم یوتھ پروگرام سکیم کے تحت طلباؤطالبات کیلئے لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب / چانسلر پنجاب یونیورسٹی محمد بلیغ الرحمان نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی کے لئے نوجوانوں کا کردار اہم ہے اور نوجوان ملک کو نالج اکانومی کی جانب لے جانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں، پاکستان کا سب سے بڑا سرمایہ ہمارے نوجوان ہیں جن پر سرمایہ کاری سب سے بہترین سرمایہ کاری ہے، وہ پنجاب یونیورسٹی کے زیراہتمام وزیراعظم یوتھ پروگرام سکیم فیز تھری(بقیہ نمبر 8)

50 کروڑ مزید غزہ کیلئے مختص کردیا، ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن

الخدمت فاؤنڈیشن نے 10 کروڑ کا امدادی سامان فراہم کیا

راولپنڈی (این این آئی) صدر الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ 7 اکتوبر سے انٹرنیشنل پارٹنرز این جی اوز کے اشتراک سے فلسطین اور غزہ میں الخدمت فاؤنڈیشن کا ریسکیو اور ریلیف آپریشن جاری ہے، غزہ فلسطین کی وزارت صحت کے ترجمان سے مسلسل رابطے میں ہیں اور وہاں کی صورتحال سے(بقیہ نمبر 9)

کم وزن مرغی بیچنے والے مافیا کے خلاف گھیرا تنگ کردیا

تلف کی گئی مرغیوں کی مالیت دو لاکھ چالیس ہزار روپے بنتی ہے

راولپنڈی (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے بیمار اور کم وزن مرغی بیچنے والے مافیا کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا، راولپنڈی میں کارروائی کے دوران دس من بیمار مرغیاں تلف کر دیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق خفیہ اطلاعات ملنے پر پولٹری مارکیٹ باغ سرداراں میں کارروائی کی، چار سو کلوگرام مرغی بیمار اور کم وزن پائے جانے پر تلف کر دیا گیا، تلف کی گئی مرغیوں کی مالیت دو لاکھ چالیس ہزار روپے بنتی ہے، فوڈ سیفٹی ٹیموں نے جعل سازی پر سپلائر کو پچاس ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔

راولپنڈی، ڈینگی کے مزید 35 کیس سامنے آگئے

تصدیق شدہ مریضوں کی تعداد دوہزار ستائیس تک پہنچ گئی

ڈینگی ایس او پی کی خلاف ورزی پر اڑتیس مقدمات درج اور دو عمارتوں کو سیل کر دیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں ڈینگی کے مزید 35 کیس سامنے آگئے، رواں سیزن کے دوران ڈینگی وائرس کے تصدیق شدہ مریضوں کی تعداد دوہزار ستائیس تک پہنچ گئی۔محکمہ صحت کے مطابق ہولی فیملی ہسپتال میں انسٹھ، ڈی ایچ کیو میں بارہ اور بے نظیر بھٹو ہسپتال میں اڑتیس افراد زیر علاج ہیں۔ ڈینگی وائرس سے متاثرہ تین۔افراد کی حالت تشویشناک ہے۔ دوسری جانب راولپنڈی کی ضلعی انتظامیہ نے ڈینگی ایس او پی(بقیہ نمبر 10)

بزنس ویمن فرح آصف قبضہ مافیا کے خلاف این پی سی میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

اسلام آباد میں ڈینگی کے مزید 26 کیسز رپورٹ

متاثرہ مریضوں کی مجموعی تعداد 1853 ہوگئی، ڈی ایچ او

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام اباد میں ڈینگی کے مزید 26 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ڈائریکٹر ہیلتھ آفیسر کے مطابق دیہی علاقوں میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 18 اور شہری علاقوں میں 645 کیسز رپورٹ ہوئے جس کے بعد وفاقی دارلحکومت میں متاثرہ مریضوں کی مجموعی تعداد 1853 ہوگئی ہے۔ڈی ایچ او کے مطابق ڈینگی سے متاثر ہونے والے مریضوں میں 66 فیصد مرد جبکہ 34 فیصد خواتین ہیں، دیہی علاقوں میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 18 کیسز رپورٹ ہوئے۔ڈی ایچ او کے مطابق شہری علاقوں میں ڈینگی کیسز کی مجموعی تعداد 645 ہوگئی، دیہی علاقوں میں ڈینگی کیسز کی مجموعی تعداد 1208 گئی۔

سرگودھا، تمام روٹس پر چلنے والی مسافرگاڑیوں کے کرایوں میں 10 فیصد تک کمی کا اعلان

سرگودھا (ظہور حسین سے) حکومت پنجاب کی ہدایت پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا حقیقی معنی میں ریلیف عوام کو ریلیف پہنچانے کے لئے ٹرانسپورٹرز نے سرگودھا سے لاہور، فیصل آباد اور اسلام آباد سمیت دیگر تمام روٹس پر چلنے والی مسافر گاڑیوں کے کرایوں میں 10 فیصد تک کمی کا اعلان کر دیا جس کا اطلاق فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔گزشتہ روز سیکرٹری آر ٹی اے کی زیر صدارت اجلاس میں ٹرانسپورٹ مالکان نے تمام روٹس پر کرایوں میں 10 فیصد کمی کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ گڈز ٹرانسپورٹرز نے بھی اپنے کرایوں میں 10 فیصد کمی کر دی ہے۔اس اجلاس میں سیکرٹری آر ٹی اے نے ٹرانسپورٹ مالکان پر واضح کیا کہ کرایوں کی زائد وصولی پر ٹرانسپورٹرز کے خلاف ضابطہ کی کارروائی کی جائیگی۔

مورگاہ پولیس کی کارروائی، سٹریٹ کرائم میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرکے مسروقہ 30ہزار روپے، 2 موبائل فون اور اسلحہ برآمد کرلیا۔تفصیلات کے مطابق مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کو وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کی شناخت کاشف عرف کاشی اور عمر کے نام سے ہوئی، ملزمان سے مسروقہ رقم 30 ہزار روپے، 2 موبائل فون اور اسلحہ برآمد کر ہوا۔ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

تھانہ سٹی پولیس کی کارروائی، چیک ڈس آنر مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا۔تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم عمران کو گرفتار کرلیا، مجرم اشتہاری گزشتہ سال سے تھانہ سٹی پولیس کو مطلوب تھا۔ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کی گرفتاری انصاف کی فراہمی میں اہم ہے، اشتہاری مجرمان اور انکے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

وزیر اعلیٰ محسن نقوی آٹزم سنٹر میں جھولے میں کھیلتے ہوئے طلبہ سے ہاتھ ملا رہے ہیں

مہریہ نصیریہ ہاوس میں محفل ذکر رسول و آل رسول کا انعقاد

حافظ یاسر علی گولڑوی، قاری امجد علی بلالی برادران نے ہدیہ نعت پیش کرنے کی سعادت حاصل کی

گوجرخان (قمر شہزاد) ایڈیشنل سیکرٹری پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان عبدالستار نیازی کے زیراہتمام مہریہ نصیریہ ہاوس بھائی خان میں سالانہ محفل ذکر رسول و آل رسول کا انعقاد کیا گیا، محفل کی صدارت پیر سید تصدق حسین شاہ بخاری اور سید مزمل احمد شاہ بخاری نے کی، معروف ثناء خوان حافظ یاسر علی گولڑوی، قاری امجد علی بلالی برادران، روحان احمد(بقیہ نمبر 11)

پنجاب آرٹس کونسل میں نوجوان خطاطوں کے اسلامی فن پاروں کی نمائش

نمائش میں رکھے گئے فن پارے قدرت کو حقیقی رند دینے کے مترادف ہیں

راولپنڈی (این این آئی) پنجاب آرٹس کونسل میں نوجوان خطاطوں کے اسلامی خطاطی کے فن پاروں کی مشترکا نمائش کا اہتمام کیا گیا۔نمائش میں خطاطی کے 80 سے زائد فن پارے رکھے گئے ہیں۔نمائش آیات قرآنی، اسماء الحسنٰی اور اسماء النبیؐ کے فن پاروں پر مشتمل ہے۔نمائش کی مہمان خصوصی میجر (ر) عامر اور ناہید منظور تھیں۔(بقیہ نمبر 12)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی ڈویژنل پبلک سکول فیصل آباد میں طلبہ سے گفتگو کر رہے ہیں

خدیجہ شاہ کی جناح ہاؤس حملے سمیت 2 مقدمات میں ضمانت منظور

لاہور (پیپانیوز) ہائیکورٹ نے معروف ڈیزائنر اور ایکٹوسٹ خدیجہ شاہ کی جناح ہاس حملہ اور عسکری ٹاور جلا گھیرا مقدمہ میں بعدازگرفتاری ضمانت کی درخواستیں منظور کرلیں۔ہائیکورٹ کی جسٹس مس عالیہ نیلم اور اسجد جاوید گھرال پر مشتمل دو رکنی بنچ نے تحریک انصاف کی ورکر معروف ڈیزائنر خدیجہ شاہ سمیت دیگر ملزمان کی ضمانت کی درخواستوں پر محفوظ فیصلہ سنایا۔ بینچ نے خدیجہ شاہ کی جناح ہاس حملہ اور (بقیہ نمبر 14)

صدر بیرونی پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کرکے چوری شدہ 6 موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کاشف کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم سے چوری شدہ 6 موٹر سائیکل برآمد ہوئے۔ ایس پی صدر محمد نبیل (بقیہ نمبر 13)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار

چوری شدہ 10 موٹر سائیکل و سپیئر پارٹس برآمد، پیرودھائی پولیس کی کارروائی

راولپنڈی (این این آئی) پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کرکے چوری شدہ 10 موٹر سائیکل اور موٹر سائیکل کے سپیئر پارٹس برآمد کرلئے۔تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم شاہ جہان کو گرفتار کر لیا، ملزم سے چوری شدہ 10 موٹر سائیکل اور موٹر سائیکل کے سپیئر پارٹس برآمد ہوئے۔ایس پی راول فیصل سلیم نے پیرودھائی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد(بقیہ نمبر 15)

راولپنڈی، مقامی ہوٹل میں کاریگر پراٹھے تیار کر رہا ہے

مری میں ڈکیت گینگ سے برآمد ہونیوالی رقم مدعی کے حوالے

مدعی نے راولپنڈی پولیس کا شکریہ ادا کیا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

راولپنڈی (این این آئی) مری میں ڈکیت گینگ سے برآمد ہونے والی رقم 35 لاکھ روپے مدعی کے حوالے دی گئی، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے رقم مدعی کے حوالے کی، مدعی نے راولپنڈی پولیس کا شکریہ ادا کیا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔تفصیلات کے مطابق ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے مری میں ڈکیت گینگ سے برآمد ہونے والی رقم 35 لاکھ روپے مدعی کے حوالے کی، مدعی نے راولپنڈی پولیس کا شکریہ ادا کیا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا، ملزمان عبدالرحمان، نعمان اور حسنین منظور ایک ماہ قبل مری میں(بقیہ نمبر 16)

آئی جی سندھ رفعت مختار سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے دورے کے موقع پر وکلاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

شراب سپلائر و ناجائز اسلحہ رکھنے والے 9 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ و ایمونیشن برآمد، مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ و ایمونیشن برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزم ذیشان سے 10 لیٹر شراب، ملزم سبطین سے 5 لیٹر شراب، ائیرپورٹ پولیس نے ملزم عثمان سے 1 پستول 9mm معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم (بقیہ نمبر 17)

پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 16 گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے اڑھائی کلو ہیروئن اور 22 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 16 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے اڑھائی کلو سے زائد ہیروئن اور ساڑھے 22 کلو سے زائد چرس برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزم امجد سے(بقیہ نمبر 18)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

ٹیک میں خواتین کے لئے نامزد ہونے والی ہنزہ آصف پہلی پاکستانی خاتون بن گئیں

جنہیں وومن ان ٹیک اے پی اے سی ایوارڈز میں ویب تھری ایوارڈ کے لیے نامزد کیا گیا ہے

میرا مشن ہمیشہ لوگوں کو Web3 ٹیکنالوجی کو اپنانے اور اس کی لامحدود صلاحیتوں کو تلاش کرنے کیلئے بااختیار بنانا رہا ہے، ہنزہ آصف

اسلام آباد (پ ر) NFTStudio24 اور Web3 ساؤتھ ایشیا الائنس جاپان کی سی ای او ہنزہ آصف پہلی پاکستانی خاتون بن گئی ہیں جنہیں وومن ان ٹیک اے پی اے سی ایوارڈز میں ویب تھری ایوارڈ کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔ ہنزا آصف جاپان (بقیہ نمبر 19)

سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی کا مختلف تھانوں کا دورہ

سی پی او فرنٹ ڈیسک ریکارڈ، حوالات، تھانہ کی عمارت سمیت دیگر امور کا جائزہ

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی نے راولپنڈی کے مختلف تھانوں کا دورہ کرکے سی پی او فرنٹ ڈیسک ریکارڈ، حوالات، تھانہ کی عمارت سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا، سی پی او سید خالد ہمدانی نے تھانہ ویسٹریج کی زیر(بقیہ نمبر 20)

سی پی او راولپنڈی کی پولیس افسران سے میٹنگ

سید خالد ہمدانی نے اہم کیسز کی تفتیش کا فرداً فرداً جائزہ لیا اور افسران کو ہدایات دیں

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس ڈی پی او کینٹ آفس میں پولیس افسران سے میٹنگ کی جس میں ایس ڈی پی او کینٹ، ایس ایچ او کینٹ، نصیر آباد، آر اے بازار، ویسٹریج، ریس کورس سمیت تفتیشی افسران نے شرکت کی، میٹنگ (بقیہ نمبر 21)

یوگنڈا کے نیشنل پارک میں فائرنگ سے برطانوی سیاح سمیت 3 افراد ہلاک

کمپالا (پیپانیوز) یوگنڈا کے ملکہ الزبتھ نیشنل پارک میں فائرنگ سے 1 برطانوی سیاح سمیت 3 افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ برطانوی نشریاتی ادارے کیمطابق یوگنڈا وائلڈ لائف اتھارٹی کے ترجمان بشیر ہنگی نے بتایا کہ کوئین الزبتھ نیشنل پارک میں ہونے والے ایک دہشتگردانہ حملے کے دوران 3 افراد ہلاک ہوئے ہیں ان میں 2 سیاح اور ایک گائیڈ تھے۔انہوں نےبتایا کہ سیاحوں کا تعلق برطانیہ اور جنوبی افریقہ سے تھا جبکہ ان کا گائیڈ یوگنڈا سے تھا۔انہوں نےبتایا کہ دہشت گردوں نے سیاحوں کو ہلاک کرنے کے بعد ان کی گاڑی کو بھی جلا دیا ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ پولیس مشتبہ باغیوں کا تعاقب کر رہی ہیاور ہم عوام سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ صبر سے کام لیں اور تفتیشی عمل کو مکمل ہونے دیں۔

چترال، امیر جماعت اسلامی سراج الحق جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ محسن نقوی ڈی پی ایس فیصل آباد پہنچ گئے آٹزم سنٹر کا معائنہ

گاڑی روک کر بچوں سے ملاقات، بچوں کی درخواست پر لائبریری اور جونیئر سکول میں کمپیوٹر لیب کی قیام کے لئے کمشنر فیصل آباد کو ہدایات جاری

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی ڈی پی ایس فیصل آباد میں آٹزم سنٹر میں سپیشل بچے سے اظہار شفقت کر رہے ہیں

لاہور (آئی آئی پی) وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے ڈویژنل پبلک سکول فیصل آباد کا دورہ کیا اور ڈی پی ایس آٹزم سنٹر کا معائنہ کیا۔وزیر اعلی محسن نقوی نے آٹزم کے مرض میں مبتلا بچوں سے ملاقات کی اور شفقت کا اظہار کیا۔وزیراعلی محسن نقوی نے جھولے جھولنے والے آٹزم کے مرض میں مبتلا بچوں کے پاس گئے اور ان سے پیار کیا۔وزیراعلی محسن نقوی نے آٹزم سنٹر کے قیام پر کمشنر فیصل آباد کی کاوش کو سراہا۔وزیراعلی نے سنٹر چلانے والے عملے سے بھی ملاقات کی اور سنٹر کے قیام کی تعریف کی۔وزیراعلی ڈی پی ایس سے واپس روانہ ہوئے تو گیٹ پر بچوں و بچیوں کو دیکھ کر اپنی (بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی وومین چیمبر آف کامرس کا اسلام آباد آئی سینٹر کیساتھ معاہدہ

ممبران کی سہولت کیلئے آنکھوں اور گائنی کے امراض پر 25 فیصد تک رعایت حاصل ہوگی

ڈاکٹرز کا شعبہ خدائی خدمتگاری ہے، کرنل (ر) ڈاکٹر شہزاد کا تقریب سے خطاب

راولپنڈی وومین چیمبر کی ممبران کیلئے 25 فیصد رعایت کا اعلان خوش آئند، صبوحی حسین

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی وومین چیمبر آف کامرس کا اسلام آباد آئی سینٹر کیساتھ معاہدہ طے پا گیا۔معاہدے کے مطابق ممبران کی سہولت کیلئے آنکھوں اور گائنی کے امراض پر 25 فیصد تک رعایت حاصل ہوگی۔معاہدے کی تقریب راولپنڈی وومین چیمبر آف کامرس کے دفتر میں منعقد ہوئی۔راولپنڈی وومین چیمبر آف کامرس کی قائمقام صدر مس صبوحی حسین اور اسلام آباد آئی سینٹر کے سی ای او کرنل (ر) ڈاکٹر شہزاد نے معاہدے کی دستاویزات پر دستخط کیے۔راولپنڈی وومین چیمبر آف کامرس کی سینئر نائب صدر منتہی شاہ رخ، ایچ آر نورین طارق، جنرل سیکرٹری، اسسٹنٹ جنرل سیکرٹری تقریب میں موجود تھے۔ اس موقع(بقیہ نمبر 24)

466 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) اے این ایف نے منشیات اسمگلنگ کے خلاف چار کارروائیوں کے دوران 466 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ترجمان اے این ایف کے مطابق پاکستان انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل کراچی پر کارروائی میں مالدیپ کے لئے بک کئے گئے کنٹینر سے 12 کلو ہیروئن برآمد کر لی، برآمدہ ہیروئین کو نمک کے پیکٹوں میں چھپا کر سمگل کیا جا رہا تھا دورانِ کاروائی کراچی کا رہائشی ملزم گرفتار کر لیا، کوئٹہ کے (بقیہ نمبر 23)

بیلٹ اینڈ روڈ مشترکہ جہت پر مبنی ترقی کو فروغ دے رہا ہے، چینی صدر

بیجنگ (پیپانیوز) چین کے صدر شی جن پنگ نے کہا ہے کہ بیلٹ اینڈ روڈ تعاون نے منصوبہ بندی کو حقیقت میں بدلتے ہوئے بین الاقوامی تعاون میں وافر ثمرات حاصل کئے ہیں۔گزشتہ 10 سالوں میں، اقتصادی راہداری کی تعمیر کے سلسلے میں بڑے چینلز اور انفارمیشن ہائی ویز کو اہمیت دیتے ہوئے ریلوے، شاہراہوں، ہوائی اڈوں، بندرگاہوں اور پائپ لائن نیٹ ورکس کے ذریعے مختلف ممالک کے درمیان مصنوعات، سرمائے،(بقیہ نمبر 25)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی ڈجکوٹ میں قتل ہونیوالی کمسن بچی کی نانی کو دلاسہ دے رہے ہیں

فیصل آباد میں کمشنر کمپلیکس تزئین و مرمت کے پراجیکٹ کا افتتاح

کمشنر سلوت سعید کی بریفنگ، فیصل آباد، چنیوٹ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جھنگ کے ڈپٹی کمشنروں کو ہسپتالوں کی تعمیر و مرمت کی نگرانی کا حکم

وزیراعلیٰ محسن نقوی سے کمشنر آفس میں فیصل آباد سمال ٹریڈرز ایسوسی ایشن اور پاورلومز ایسوسی ایشن کے وفود کی ملاقاتیں

محسن نقوی نے کم وقت میں برسوں کا کام کیا اور محنت کی نئی مثال قائم کی، سمال ٹریڈرز اور پاورلومز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا خراج تحسین

لاہور (آئی آئی پی) وزیراعلی محسن نقوی نے فیصل آباد میں کمشنر کمپلیکس کی تزئین، تعمیرومرمت کے پراجیکٹ کا افتتاح کر دیا۔وزیراعلی محسن نقوی نے پنجاب کابینہ کے ہمراہ کمشنر کمپلیکس کا دورہ کیا۔کمشنر فیصل آباد سلوت سعید نے کمپلیکس کے بارے میں بریفنگ دی۔وزیراعلی محسن نقوی سے فیصل آباد سمال ٹریڈرز ایسوسی ایشن اور پاورلومز ایسوسی ایشن کے وفود نے ملاقات(بقیہ نمبر 26)

یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن چینی کی خریداری میں کامیاب

20ہزار میٹرک ٹن چینی خرید لی، یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کا بحران ختم

اسلام آباد (این این آئی) یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن چینی کی خریداری میں کامیاب ہوگئی، 20ہزار میٹرک ٹن چینی خرید لی جس کے باعث یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کا بحران ختم ہوگیا۔یوٹیلیٹی اسٹورز ذرائع کے مطابق اخراجات ملا کر کارپوریشن کو فی کلو چینی تقریباً 150 روپے میں پڑے گی جو چندروز میں یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کی دستیابی ہوجائے(بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی، میجر (ر) ناہید منظور اور ڈائریکٹر وقار احمد اسلامی خطاطی کی نمائش دیکھ رہے ہیں

فلسطینیوں کی بدترین نسل کشی کررہی ہے' شہباز شریف

نوازشریف کی آمد کے سلسلے میں نئے ترانے کے اجراء کی تقریب منسوخ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے غزہ کے ہسپتال پر اسرائیلی بمباری سے 500 سے زائد فلسطینیوں کی شہادت کے سوگ میں پارٹی قائد نواز شریف کی آمد کے سلسلے میں نئے ترانے کے اجراء کی تقریب منسوخ کر دی۔سابق وزیراعظم اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے ایک تقریب میں پارٹی ترانہ جاری کرنا تھا۔شہباز شریف کی ہدایت پر فلسطینیوں سے یکجہتی اور بے گناہوں کی شہادتوں پر افسوس کے اظہار کے طور پر تقریب منسوخ کی گئی۔ علاوہ ازیں اپنے ٹوئٹ میں شہباز شریف نے (بقیہ نمبر 28)

سرگودھا ریجن میں پسند کی شادی کر کے میکے آئی دلہن کو قتل کردیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ریجن میں پسند کی شادی کرکے میکے آئی دلہن کو ڈنڈوں سے تشدد کا نشانہ بنا کر واپس بھجوا دیا گیا جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئی۔سرگودھا ریجن کے علاقہ ہرنولی کے گاؤں جھمٹانوالہ کے قدیر عباس اور جنڈانوالہ کی دوشیزہ تسلیم بی بی نے پسند کی شادی کرر کھی تھی جس میں دلہن تسلیم بی بی اپنے میکے ملنے گئی جہاں اسے ڈنڈوں سے تشدد کا نشانہ بنا کر شدید زخمی حالت میں واپس بھجوا دیا گیا جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے گزشتہ روز دم توڑ گئی جس کو آہوں اور سسکیوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

سیمنٹ فیکٹری میں فائرنگ میں دو افراد کو قتل اور ایک شخص کو زخمی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ریجن کی داؤد خیل سیمنٹ فیکٹری میں فائرنگ میں دو افراد کو قتل اور ایک شخص کو زخمی کر دیا گیا جن کو ہسپتال منتقل کرکے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ڈی پی او نے موقع پر پہنچ کر جائے واردات کا معائنہ کیا اور شواہد اکٹھے کر کے ملزم کی گرفتاری کا حکم دیا گیا۔ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ داؤد خیل سیمنٹ فیکٹری میں فائرنگ کر کے دو افراد کا قتل اور ایک شخص کو شدید زخمی کر دیا۔جن کو ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے اس وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او میانوالی مطیع اللہ خان نے سیمنٹ فیکٹری داؤد خیل پہنچ گے جہاں جائے واردات کا معائنہ کرتے ڈی ایس پی آرگنائز کرائم ایکٹنگ ڈی ایس پی سرکل داؤد خیل، ایس ایچ او تھانہ داؤد خیل(بقیہ نمبر 29)